★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 353 بروز جمعہ 18 ستمبر 2026ء، 5 ربیع الثانی 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

تربت کے علاقے ندی سے ایک نعش اور 4 افراد کو زخمی حالت میں حراست میں لے لیا

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے ندی سے ایک نعش اور 4 افراد کو زخمی حالت میں حراست میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق تربت کور ندی سے ایک نعش اور 4 افراد کو حراست میں لیا گیا بتایا جاتا ہے حراست میں لیے جانے والے افغان باشندے تھے مزید کارروائی تربت پولیس کررہی ہے۔

نوشکی میں زمین کے تنازعے پر لڑائی دو افراد شدید زخمی

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی میں زمین کے تنازعے پر لڑائی دو افراد شدید زخمی تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ کلی نوکو میں زمین کے تنازعے پر دو گروپوں میں تصادم بلوچ خان اور حکمت علی شدید زخمی ہوئے جنہیں میرگل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کردیا گیا پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف برطانیہ اور امریکہ کے دورے پر روانہ ہوگئے



اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف برطانیہ اور امریکہ کے دورے پر روانہ ہوگئے۔ وزیراعظم لندن میں دو روز قیام کے بعد امریکہ پہنچیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف طویل غیر ملکی دورے کے پہلے مرحلہ میں اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

گالی اور گولی کسی مسئلے کا حل نہیں، مولانا فضل الرحمان



اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) جموں و کشمیر کے وفد نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی، جس میں جموں و کشمیر کی موجودہ صورتحال، کشمیری عوام کو درپیش مسائل اور خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسپیکر قومی اسمبلی کی جنوبی افریقہ کی ہم منصب سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن (سی پی اے) کی 69 ویں کانفرنس کے موقع پر جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی اسپیکر انجلا تھوکوزائلے دیدیزا سے اہم ملاقات کی ہے۔ ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

دنیا بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہیں پاکستان حرمین شریفین کے تقدس اور دفاع کے لیے سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، ترجمان سجاد حیدر

مکہ مکرمہ حملہ عالمی مسلمانوں کے جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہے، پاکستان

بحری جہازوں کے ٹکراو کے معاملے پر بھارتی وزارت خارجہ کو ڈیمارش جاری کیا، خطے میں پائیدار امن اور تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری اور پرامن مذاکرات کے حامی ہیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے حوثی باغیوں کے مکہ مکرمہ کے مقدس مقامات پر حملے کی انتہائی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملے سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہیں، پاکستان حرمین شریفین کے تقدس اور دفاع کے لیے سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران بتایا ہے کہ پاکستان مشرق وسطیٰ میں حوثی حملوں کے تناظر میں ابھرتی ہوئی صورتحال کا باریکی سے جائزہ لے رہا ہے۔ ترجمان نے مکہ مکرمہ کے مقدس مقامات پر ڈرون حملے کی کوشش اور ریاض و مدینہ میں ایسٹ ویسٹ پائپ لائن پر حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

لندن: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیر اہتمام پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل میں کلیدی خطاب کررہے ہیں

وفاقی حکومت نے نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی کردی، غیر ملکی دوروں پر تین ماہ کی پابندی؛ بازار رات 9، شادی ہال 10 اور ریسٹورنٹس 11 بجے بند کرنے کا فیصلہ

دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز اور بازار رات 9 بجے بند ہوں گے شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے تک بند کرنا ہوں گے ریسٹورنٹس، کیفے اور دیگر کھانے پینے کے مراکز رات 11 بجے بند ہوں گے

حکومت کا بڑا کفایتی پیکیج

سرکاری پٹرول کوٹہ میں 50 فیصد کمی

نئی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی

آپریشنل گاڑیوں، لازمی خدمات اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو ایندھن کی کٹوتی سے مستثنیٰ رکھا جائیگا سرکاری گاڑیوں سمیت کسی بھی قسم کی نئی گاڑی خریدنے پر پابندی ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات اور ایندھن کے استعمال میں کمی لانے کے لیے نئے کفایتی اقدامات نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا، جن کے تحت سرکاری گاڑیوں کے ایندھن کے کوٹے میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی، نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی اور مالی سال 2026-27 کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کی جائے گی۔ حکومت نے سرکاری سفری سرگرمیوں، تقریبات اور خریداریوں میں بھی نمایاں کٹوتیوں کا فیصلہ کیا ہے۔ نئے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

حکومت اور پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے مذاکرات کامیاب

ادائیگی کے طریقہ کار پر اعتراض دور، اونرز ایسوسی ایشن کی سبسڈی پر تحفظات ختم

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور آل پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے، جس کے بعد فیول سبسڈی اسکیم سے متعلق پٹرول پمپ مالکان کے تحفظات دور کر دیے گئے۔ مذاکرات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان علی بٹ نے کہا کہ پٹرول پمپ مالکان کو فیول (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

حرمین شریفین نے تمام مسلمانوں کے ریڈ لائن ہے، عبدالستار چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ حرمین شریفین نے تمام مسلمانوں کے ریڈ لائن ہے حرمین شریفین مکہ پر حملہ تمام اہل اسلام پر حملہ ہے انھوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

وزیراعظم کی غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت

وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت دیدی گئی ہے اور وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جارہی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

معاشی استحکام منزل نہیں، اصل ہدف پائیدار ترقی ہے: محمد علی

سرمایہ کاری، برآمدات اور پیداواری شعبے کو فروغ دیکر آگے بڑھنا ہوگا

مشیر وزیراعظم نے زور دیا کہ 2050 کا پاکستان پچیس سال بعد نہیں بلکہ آج کے فیصلوں سے بننا شروع ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) مشیر وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کوئی آخری منزل نہیں بلکہ پاکستان کا اصل ہدف تیز رفتار اور پائیدار ترقی ہے۔ انہوں نے یہ بات اسلام آباد میں منعقدہ لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا پاکستان کو اب محض کھپت پر انحصار کرنے کے بجائے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



کوئٹہ: وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی و دیگر تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی انٹرایکشن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی کی پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

یہ کفن مختلف شہروں میں ایک سال تک جاری رہنے والی عالمی مہم کے دوران ہر ماہ ایک نئے شہر میں نمائش کیلئے پیش ہوگا، دعائیں ہونگی

غزہ کے 20 ہزار شہید بچوں کے ناموں پر مبنی 100 میٹر طویل کفن جنرل اسمبلی میں پیش

اس کفن پر درج ہر نام ایک بچے کی زندگی، شناخت اور خاندان کی یاد کی علامت ہے، تاکہ غزہ میں شہید ہونے والے بچوں کو یاد رکھا جائے

نیویارک (آن لائن) غزہ میں جاں بحق ہونے والے 20 ہزار سے زائد فلسطینی بچوں کے ہاتھ سے لکھے ناموں پر مشتمل تقریباً 100 میٹر طویل یادگاری کفن نیویارک میں جنرل اسمبلی کے اجلاس میں اقوام متحدہ چرچ سینٹر میں نمائش کے لیے پیش کردیا گیا۔ تعداد انہیں نام (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ، وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی انٹرایکشن سے خطاب کررہے ہیں

قیصر احمد شیخ کی امریکی ناظم الامور سے ملاقات، اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

معدنیات، توانائی، زراعت، آئی ٹی اور صحت کے شعبوں میں امریکی سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعاون، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بوری بند کمسن علی شاہ کی لاش کا معمہ

بالآخر حل

کوئٹہ (آن لائن) سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے عملے نے ایک ماہ قبل کمسن بچے کی بوری بند نعش ملنے کے اندھے کیس کا معمہ حل کر کے قاتل سگے چچا کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کردیے گئے ہیں، وزیر قانون

27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کردی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کردیے گئے ہیں، 27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کردی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے بار میں جاری منصوبوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

نصیر آباد، دو ملزمان پولیس مقابلے کے بعد گرفتار، اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (آن لائن) نصیر آباد پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن اور (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

حکومت پاکستان ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے بھرپور اور عملی اقدامات کررہی ہے، محمد اورنگزیب

ملک کی کریڈٹ ریٹنگ میں تین مرتبہ بہتری بھی آئی ہے، وفاقی وزیر خزانہ

آئی ایم ایف کے تمام جائزے مقررہ وقت پر کامیابی سے مکمل، ملک کی کریڈٹ ریٹنگ میں تین مرتبہ بہتری بھی آئی، تقریب سے خطاب

لندن (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے بھرپور اور عملی اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بات لندن میں پاکستان ہائی کمیشن کے زیر اہتمام منعقدہ "پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل" سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں لندن کے معروف سرمایہ کاروں، عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وزیراعلیٰ بلوچستان کو "فوبیا" کا دعویٰ مضحکہ خیز ہے، شاہد رند کا بی این پی مینگل پر شدید ردعمل

قوم پرست سردار کی مقبولیت کا پول 2018 کے الیکشن اور جے یو آئی کی حمایت سے کھلتا ہے، شاہد رند

کوئٹہ (آن لائن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بی این پی مینگل کے ترجمان کے اس بیان کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے مسترد کیا ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سردار اختر مینگل فوبیا ہوگیا ہے۔ شاہد رند نے اپنے سخت ردعمل میں کہا کہ ترجمان بی این پی اور پارٹی سیکریٹری اطلاعات کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ چیف منسٹر بلوچستان کو کوئی بی این پی فوبیا نہیں ہے، البتہ اپنی ہر تقریر میں یاد کرنے کا ٹھیکہ سردار اختر مینگل نے لیا ہوا ہے۔ اس سے عوام اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کسے فوبیا ہوا ہے اور کون سیاسی فرسٹریشن کا شکار ہے۔ سرفراز بگٹی نے گزشتہ ڈھائی سالوں میں، جب تک بی این پی مینگل کی جانب سے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (خ ن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت آواران میں تین دہشتگردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی بروقت، موثر اور پیشہ ورانہ کارروائی کا منہ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو درپیش رکاوٹوں کا ازالہ ضروری ہے

گورنر بلوچستان

جس خاندان میں پڑھی لکھی اور روزگار خاتون پیدا ہوتی ہے اس سے پورے خاندان کی ترتیب بدل جاتی ہے

انہیں ثقافتی و روایتی علم کو پائیدار معاشی سرگرمیوں میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم پاکستان پروگرام کے تحت بلا سود قرضے دینے خواتین کاروباری شخصیات کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے اور مضبوط ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے سے خواتین میں معاشی خود انحصاری کو فروغ مل رہا ہے۔ جس خاندان میں پڑھی لکھی اور روزگار خاتون پیدا ہوتی ہے اس سے پورے خاندان کی ترتیب بدل جاتی ہے۔ ضروری ہے بی پی اے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پاکستان میں ہیگزا ویلنٹ ویکسین متعارف کرانے کی منظوری

مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت بین الادارہ جاتی رابطہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت بین الادارہ جاتی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

حکومت اور انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی برشور

انتظامیہ کے ساتھ تعاون برقرار رکھنے سے ترقی کی راہ ہموار ہوگی

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد حسن نے کہا ہے کہ ضلع برشور کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

سیکیورٹی فورسز کا کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن: 3 دہشتگرد ہلاک، بھاری اسلحہ برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت ایک اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتنۃ ا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

اسلام آباد: ایک موٹر سائیکل سوار سری نگر ہائی وے پر چنگی نمبر 26 کے قریب رکھے کنٹینرز کے پاس سے گزر رہا ہے

جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہ راست رابطے کی تصدیق کردی

حوثیوں نے کہا کہ بحیرہ احمر میں امریکی بحری جہاز انکا ہدف نہیں، امریکی نائب صدر

دہشت گردی کی سرگرمیوں کی روک تھام امریکا کے بنیادی مفادات میں شامل ہیں

لندن (آن لائن) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہ راست رابطے کی تصدیق کردی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہ راست رابطے کی تصدیق کی ہے، حوثیوں نے امریکا کو 2025 کی جنگ بندی برقرار رہنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس موقع پر حوثیوں نے امریکا کو کہا کہ بحیرہ احمر میں امریکی بحری (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد ریکارڈ کمی

ڈی جی انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور "فرنٹیکس" کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہانس لیٹنس کی الگ الگ ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد ریکارڈ کمی ریکارڈ کی گئی ہے اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا، غیر قانونی مائیگریشن میں کمی کیلئے لیگل مائیگریشن کی نئی راہیں کھولنا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ سے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ (آئی سی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ادویات کے کنٹینرز روکنے کی خبر، وفاقی وزیر داخلہ کا فوری نوٹس

تحویل میں لیے گئے ادویات کے کنٹینرز فوری طور پر چھوڑنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ادویات سے لدے کنٹینرز اور گاڑیوں کو روکے جانے سے متعلق مختلف نیوز چینلز پر نشر ہونے والی خبر کا فوری نوٹس لے لیا۔ محسن نقوی نے معاملے پر آئی جی اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے رابطہ کیا اور تحویل میں لیے گئے ادویات کے کنٹینرز کو فوری طور پر ریلیز کرنے کے احکامات جاری کیے۔ وزیر داخلہ نے واضح ہدایت کی کہ ادویات کے کنٹینرز اور گاڑیوں کو کسی صورت نہ روکا جائے۔ انہوں نے متعلقہ پولیس اور انتظامی حکام کو ہدایت کی کہ اس حوالے سے جاری احکامات پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی PPAF کے زیر اہتمام سیمینار میں شرکت

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے PPAF کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں شرکت کی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کسٹم ویر میں شہید ہونے والے ایف سی افسران و اہلکاروں کے ایصال ثواب کے لیے دعائیہ تقریب

زیارت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر آفس زیارت میں کسٹم ویر کے مقام پر (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

طویل عرصے سے مغوی شیر عالم خان خلجی کو بازیاب کرانے میں اپنا کردار ادا کریں، خلجی قبائل

کوئٹہ (آن لائن) خلجی قوم کے قبائلی رہنماؤں و معتبرین صادق خان اور جمعہ خان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر داخلہ، آئی جی پولیس اور دیگر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ طویل (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ایران کسی معاہدے تک پہنچنا چاہتا ہے، جنگ کے خاتمہ کے قریب ہیں، ٹرمپ

ریپبلکن سینیٹ امیدوار مائیکل واٹلی کی انتخابی مہم کے سلسلے میں گیسٹونیا میں خطاب

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شمالی کیرولینا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر دعویٰ کیا کہ ایران کسی معاہدے تک پہنچنا چاہتا ہے۔ ریپبلکن سینیٹ امیدوار مائیکل واٹلی کی انتخابی مہم کے سلسلے میں گیسٹونیا میں خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ہم جنگ کے خاتمے کے قریب ہیں۔ وہ ایک معاہدہ کرنا چاہتے ہیں، اب دیکھتے ہیں کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ ٹرمپ کئی ماہ سے یہ موقف دہراتے آرہے ہیں کہ ایران مذاکرات اور ممکنہ معاہدے کا خواہاں ہے۔ تاہم اس دوران امریکہ اور ایران کے درمیان (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے، اورنگزیب خان کھچی

قومی ورثے، زبان و ادب اور ثقافتی اقدار سے نئی نسل کو روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، وفاقی وزیر قومی ثقافت

وفاقی وزیر کی تعمیر نو کالج غزالی کیمپس میں طلبہ سے خصوصی نشست، مصدق علی اسکالرشپ کے تحت تین طلبہ میں 6 لاکھ روپے تقسیم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ نوجوان نسل ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، اس کی علمی، ادبی اور فکری تربیت کے لیے تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔ قومی ورثے، زبان و ادب اور ثقافتی اقدار سے نئی نسل کو روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے، وہ جمعرات کو رحمت للعالمین (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

معاشی استحکام منزل نہیں، اصل ہدف پائیدار ترقی ہے

مشیرِ وزیرِاعظم برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کوئی آخری منزل نہیں بلکہ پاکستان کا اصل ہدف تیز رفتار اور پائیدار ترقی ہے۔ انہوں نے یہ بات اسلام آباد میں منعقدہ لیڈرز اِن اسلام آباد بزنس سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا پاکستان کو اب محض کھپت پر انحصار کرنے کے بجائے سرمایہ کاری، برآمدات اور پیداواری شعبے کو فروغ دے کر آگے بڑھنا ہوگا۔ ریاست ہر کاروبار خود نہیں چلا سکتی، جہاں نجی شعبہ بہتر نتائج دے سکتا ہے وہاں ریاست کو پیچھے ہٹنا چاہیے۔ نجکاری کا اصل مقصد صرف اثاثے بیچنا نہیں بلکہ قومی اثاثوں کی اصل قدر اور معاشی استعداد کو آزاد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا سرمائے کی آمد کے لیے کاروباری اعتماد بنیادی شرط ہے، اور اعتماد کی بحالی کے لیے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔ روایتی سرکاری اخراجات مستقبل کی ملکی ضروریات کے لیے ہرگز کافی نہیں ہیں، اس لیے ترقیاتی عمل کے لیے نجی سرمائے کو فعال طریقے سے متحرک کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا پاکستان کو محض ٹیکنالوجی خریدنے والا ملک بننے کے بجائے خود ٹیکنالوجی بنانے اور برآمد کرنے والا ملک بننا ہوگا۔ اس کے علاوہ، ملک کی بڑی آبادی کو صرف تعداد کے لحاظ سے نہیں بلکہ باقاعدہ پیداواری طاقت میں بدلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا خواتین کی معاشی میدان میں شمولیت اب صرف کوئی سماجی معاملہ نہیں رہا بلکہ یہ پاکستان کی معاشی ترقی کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا پاکستانی کاروباری اداروں کو صرف مقامی منڈی تک محدود رہنے کے بجائے عالمی منڈیوں میں مقابلہ کرنے کے لیے میدان میں اترنا ہوگا۔ مشیرِ وزیرِاعظم نے زور دیا کہ 2050 کا پاکستان پچیس سال بعد نہیں بلکہ آج کے فیصلوں سے بننا شروع ہوگا، کیونکہ بدلتی ہوئی عالمی معیشت میں دنیا ہمارے انتظار میں نہیں رکے

بقیہ 01

کہ یہ حملے سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہیں۔ ترجمان نے کہا وزیراعظم شہباز شریف کا 13 ستمبر کو سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں پاکستان نے حرمین شریفین کے تقدس اور دفاع کے لیے سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا عزم دہرایا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ سعودی مسلح افواج کی بروقت اور بہادرانہ کارروائی سے حملہ ناکام بنانے کو سراہتے ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بھی ان حملوں کی پرزور مذمت کی ہے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ تمام فریقین زیادہ سے زیادہ صبروتحمل کا مظاہرہ کریں اور تنازع بڑھانے سے گریز کریں۔ حوثی اقدام علاقائی امن و سلامتی کے لیے شدید خطرہ ہے۔ ترجمان نے انکشاف کیا کہ 15 ستمبر کو خصوصی اقتصادی زون میں بھارتی بحری جہاز نے بین الاقوامی قوانین اور 1991 کے دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستانی بحری جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل و حرکت کی، جس کے نتیجے میں دونوں جہازوں میں ٹکر ہوئی۔ پاکستان نے اس اشتعال انگیزی کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے نئی دہلی میں بھی پاکستانی ناظم الامور کے ذریعے بھارتی وزارت خارجہ کو ڈیمارش جاری کیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ لبنانی وزیر داخلہ کے دورے میں وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ اس کے علاوہ، آرمینیا میں پاکستان کے پہلے سفیر شفقت علی خان نے اپنی سفارتی اسناد پیش کر دی ہیں۔ کرتار پور راہداری اور سکھ یاتریوں کے حوالے سے ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان سکھ یاتریوں کو خوش آمدید کہنے کے لیے مکمل تیار ہے، جبکہ بارڈر بند رکھنے کا اقدام بھارت کی جانب سے کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اسلام آباد مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کا انتہائی سنجیدگی سے جائزہ لے رہا ہے۔ خطے میں پائیدار امن اور تنازعات کے حل کے لیے پاکستان ہمیشہ سفارت کاری اور پرامن مذاکرات کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے سربراہ رافیل گروسی سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

بقیہ 02

میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پارلیمانی و دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں اسپیکرز نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے مابین رابطوں کو مضبوط بنانے، تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ سردار ایاز صادق نے قانون سازی، کمیٹی نظام اور پارلیمانی طریقہ کار پر روشنی ڈالی اور پاکستان کی گرین پارلیمنٹ و پارلیمانی کاکسز کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ جنوبی افریقہ کی اسپیکر نے دونوں پارلیمانوں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مستحکم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت طے کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ محترمہ اختلا نے جلد ایک پارلیمانی وفد پاکستان بھیجنے کی یقین دہانی کرائی اور اسپیکر سردار ایاز صادق کو جنوبی افریقہ کے دورے کی دعوت دی۔ ملاقات کے دوران علاقائی اور عالمی چیلنجز پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کا گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں حصہ صرف 0.6 فیصد ہے، لیکن اس کے باوجود پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، جس کے لیے عالمی سطح پر مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ سردار ایاز صادق نے موقف اپنایا کہ افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونا خطے کے امن کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کا اعادہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ہونا چاہیے۔ پاکستان مشرق وسطیٰ میں امن کے فروغ کے لیے بھی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 03

مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے خطے کی موجودہ صورتحال اور عوامی مسائل سے مولانا فضل الرحمان کو آگاہ کیا، جبکہ کشمیری عوام کے جائز مطالبات اور ان کے حل کے لیے سیاسی و جمہوری راستہ اختیار کرنے کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ کشمیر کاز کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے اور کشمیری عوام کے جائز مطالبات کی حمایت کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایکشن کمیٹی نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ثالثی کی ذمہ داری سونپی ہے، جسے انہوں نے قبول کیا ہے اور آئندہ بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جے یو آئی جموں و کشمیر کو کسی ایک فریق کا حصہ بننے کے بجائے ثالثی اور مفاہمت کا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ کشیدگی کے خاتمے اور مسائل کے حل کے لیے مثبت ماحول پیدا ہو سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیری عوام کے جائز مطالبات فوری طور پر پورے کیے جائیں اور موجودہ صورتحال کو مزید پیچیدہ ہونے سے بچانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ گالی اور گولی کسی مسئلے کا حل نہیں، مسائل کا پائیدار حل مذاکرات، مکالمے اور باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ کشمیری عوام کے مطالبات طاقت کے بجائے سیاسی عمل کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں۔ مولانا فضل الرحمان نے راستوں کی بندش اور ضروری اشیاء کی ترسیل میں رکاوٹ کو بھی نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی یقینی بنانا اور آمدورفت کے راستے کھلے رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ عوام کو مشکلات سے نکالنے کے لیے عملی اور فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت موجودہ صورتحال کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے اور تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مذاکرات اور مکالمے کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان کے مطابق باہمی اعتماد، سیاسی مفاہمت اور بات چیت کے ذریعے ہی خطے میں پائیدار امن اور استحکام کی راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ کشمیری عوام کے مسائل اور مطالبات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور کشیدگی کے بجائے سیاسی و جمہوری طریقہ کار کے ذریعے معاملات کو آگے بڑھایا جائے

بقیہ 04

سے برطانیہ روانہ ہوئے ہیں۔ وزیراعظم ہاؤس کے مطابق وزیراعظم لندن میں دو روز قیام کریں گے اور وہاں سے نیویارک روانہ ہو جائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ وزراء سمیت اعلیٰ سطحی حکومتی وفد نیویارک میں وزیراعظم کو جوائن کرے گا۔ وزیراعظم جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے سربراہان سے سائیڈ لائن ملاقاتیں بھی کریں گے، جن میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔

بقیہ 05

اقدامات کے تحت آپریشنل گاڑیوں، لازمی خدمات اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو ایندھن کی کٹوتی سے مستثنیٰ رکھا جائے گا، جبکہ سرکاری گاڑیوں سمیت کسی بھی قسم کی نئی گاڑی خریدنے پر پابندی ہوگی۔ آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیا کی خریداری پر بھی پابندی عائد کر دی جائے گی۔ وفاقی حکومت کے زیرِ انتظام تین ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی ہوگی، تاہم ناگزیر اور مخصوص نوعیت کے دوروں کو استثنیٰ حاصل رہے گا۔ ناگزیر غیر ملکی دوروں کی صورت میں وزراء، مشیران اور سرکاری حکام کو صرف اکانومی کلاس میں سفر کرنا ہوگا۔ سرکاری اجلاسوں کے انعقاد کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ کو ترجیح دینے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ کفایتی اقدامات کے تحت غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں کی میزبانی پر مکمل پابندی ہوگی۔ حکومت کے فنڈز سے منعقد ہونے والے سرکاری سیمینارز، ترجیحی پروگرامز اور کانفرنسز بھی نہیں ہوں گی، جبکہ ناگزیر تقریبات کے لیے سرکاری آڈیٹوریم اور کمیٹی رومز استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ حکومت نے شادی کی تقریبات میں صرف ایک ڈش پیش کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ تجارتی مراکز کے اوقات کار میں بھی کمی کی گئی ہے، جس کے تحت دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز اور بازار رات 9 بجے بند ہوں گے۔ شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے تک بند کرنا ہوں گے، جبکہ ریسٹورنٹس، کیفے اور دیگر کھانے پینے کے مراکز رات 11 بجے بند ہوں گے۔ ٹیک اوے اور گھروں تک کھانے کی ترسیل اس پابندی سے مستثنیٰ ہوگی۔ فارمیسیز، اسپتال، کلینکس، طبی لیبارٹریز، پٹرول پمپس اور دیگر ضروری شعبوں کو اوقات کار کی پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ بیکریز، تندور، دودھ اور ڈیری کی دکانیں، برقی گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشنز اور جم بھی مستثنیٰ ہوں گے۔ حکومت کے مطابق کفایتی اقدامات سے استثنیٰ کی درخواستوں کا ہر معاملے کی نوعیت کے مطابق الگ الگ جائزہ لیا جائے گا۔ صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی اسی نوعیت کے کفایتی اقدامات اپنانے پر غور کر سکتی ہیں۔

بقیہ 06

پورے ملک بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں وزیرِ اعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت عوام تک ریلیف پہنچایا جا رہا ہے۔ پہلے REG لکھ کر، سپیس دے کر، شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، رجسٹریشن کے صوبے کے نام کا پہلا حرف اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ 9771 پر مفت میسج کرنے سے سکیم میں رجسٹریشن ہوگی۔ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات اردو ویب سائٹ www.pmfuelrelief.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

بقیہ 07

کہا کہ روزِ اول سے عالم کفر بالخصوص یہود و ہنود کی ہی کوشش کر رہا ہے کہ وہ جیسے مسلمانوں کے قبلہ اول پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے اسی طرح وہ الحرمین الشریفین کے خلاف بھی سازشیں کر رہی ہے اور امریکہ و اسرائیل ان سازشی عناصر کے باپ اور دادا ہے جو شعائر اللہ و شعائر اسلام اور عالم اسلام و مسلمانوں کو مٹانے کے مرکزی کرداروں میں سے ایک ہیں انہوں حوثی ہے یا جو بھی عناصر حرمین الشریفین پر حملہ یا کوئی سازش کرینگے تو عالم اسلام کا بچہ بچہ حرمین شریفین پر جان فدا کرنے کو سعادت و فخر سمجھیں گیا اور حرمین شریفین کے تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا جز ہیں حرمین شریفین یا سعودی عرب مکہ پر حملہ ناقابل معافی جرم ہے اور ڈونلڈ ٹرمپ اسرائیل حوثیوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ مسلمان سب کچھ برداشت کر سکتا ہے حرمین شریفین کے تحفظ اپنا ئیل کے صورت میں اپنا افواج کے مقابلہ کیطرح ان شاءاللہ کرینگے انہوں نے مکہ پر ڈرون حملوں پر اسلامی ممالک کے حکمرانوں کیطرف سے خاموش موقف پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی ممالک کے حکمرانوں کو سختی سے مکہ ڈرون حملوں میں ملوث ممالک جانچے حوثی یا اسرائیل یا امریکہ یا دوسرے منحوس عناصر کا کھوج لگا کر منہ توڑ جواب دینا چاہیے کہ حرمین شریفین مکہ عالم اسلام کے عرب و عجم ریڈ لائن ہے۔

بقیہ 08

سبسڈی اسکیم پر کوئی اعتراض نہیں تھا، اصل تحفظات سبسڈی کی رقم کی واپسی کے طریقہ کار سے متعلق تھے، جو حکومت کے ساتھ مذاکرات کے بعد دور ہوگئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ سبسڈی کی رقم 24 گھنٹے کے اندر واپس کر دی جائے گی۔ ان کے مطابق ادائیگی اسٹیٹ بینک کے ذریعے ہوگی اور سبسڈی کی رقم اسٹیٹ بینک تک پہنچ چکی ہے۔ نعمان علی بٹ نے کہا کہ اگر 24 گھنٹے کے اندر رقم واپس نہ ہوئی تو حکومت ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر مسئلے کے حل کے لیے اقدامات کرے گی۔ سبسڈی کی ادائیگی کے عمل کو آسان بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے ایک خصوصی برقی نظام بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق وزارت پٹرولیم، سیکرٹری پٹرولیم، چیئرمین اوگرا اور سیکرٹری خزانہ نے سبسڈی کی ادائیگی کے طریقہ کار کی بھی توثیق کر دی ہے۔ وائس چیئرمین ایسوسی ایشن نے واضح کیا کہ وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی فیول سبسڈی اسکیم پر پٹرول پمپ مالکان کو کوئی تحفظات نہیں، بلکہ ایسوسی ایشن پہلے ہی اس پروگرام کو خوش آئند قرار دے چکی ہے۔ اختلاف صرف سبسڈی کی رقم واپس کرنے کے طریقہ کار پر تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ساتھ کامیاب مذاکرات کے بعد فیول سبسڈی اسکیم سے متعلق پٹرول پمپ مالکان کے تمام تحفظات ختم ہو گئے ہیں۔

بقیہ 09

کے عنوان سے پیش کیے گئے اس منصوبے کا مقصد جنگ میں شہید ہونے والے بچوں کو محض اعداد و شمار کے بجائے ان کی انفرادی شناخت اور ناموں کے ساتھ یاد کرنا ہے۔ منتظمین نے اس اقدام کے ذریعے اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے خاتمے اور مبینہ جنگی جرائم کے احتساب کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ غزہ چلڈرنز شراؤڈ کے نام سے یہ یادگاری منصوبہ ڈاکٹرز اگینسٹ جینوسائیڈ، یو ایس اے پریس اگینسٹ جینوسائیڈ، جسٹس فار آل اور دیگر شراکت دار تنظیموں نے تیار کیا ہے۔ تقریب میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی قرآن پاک کی تلاوت بھی کی گئی اور غزہ کے بچوں کی یاد میں بین المذاہب اجتماع منعقد ہوا۔ اس منصوبے کی تحریک اٹلی میں تیار کیے گئے ایک یادگاری کفن سے ملی جہاں غزہ میں اپنے بچوں کی لاشوں کی شناخت یقینی بنانے کے لیے بعض والدین کی جانب سے بچوں کے نام جسم پر لکھنے کے المناک عمل کو یادگار کی شکل دی گئی۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ کفن پر نام لکھنے کا مقصد بچوں کو جنگ کے اعداد و شمار میں گم ہونے سے بچانا ہے۔ یہ یادگاری کفن یکم ستمبر کو فلاڈیلفیا سٹی ہال سے اپنے سفر کا آغاز کر چکا ہے جبکہ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر اسے پیش کیا گیا، منصوبے کے تحت اسے آئندہ مختلف شہروں میں لے جایا جائے گا اور ایک سال تک جاری رہنے والی عالمی مہم کے دوران ہر ماہ ایک نئے شہر میں نمائش اور دعائیہ و آگاہی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ اقوام متحدہ کے مطابق غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے دوران بچوں سمیت بڑے پیمانے پر جانی نقصان ہوا ہے، جبکہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ہائی کمشنر وولکر ترک نے حالیہ ملبے سے لاشوں کی برآمدگی پر ممکنہ جنگی جرائم کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات کے لیے رسائی دینے پر زور دیا ہے۔ منتظمین کے مطابق اس کفن پر درج ہر نام ایک بچے کی زندگی، شناخت اور خاندان کی یادوں کی علامت ہے، تاکہ غزہ میں شہید ہونے والے بچوں کو محض ایک عدد کے طور پر نہیں بلکہ نام اور شناخت رکھنے والے انسانوں کے طور پر یاد رکھا جائے۔

بقیہ 10

مطابق ایک ماہ قبل 22 اگست کو کمسن علی شاہ کی گمشدگی کے بعد اس کی نعش گھر کے قریب سے ایک بوری میں بند حالت میں ملی جس کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف غیر مصدقہ افواہیں گردش کرتی رہیں جس میں بچے کو مبینہ زیادتی کے بعد قتل کر کے پھینکے اور تاوان کی غرض سے اغواء کیے جانے سمیت دیگر قیاس آرائیاں کی جا رہی تھی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے کیس کی تکنیکی معلومات کی بنیاد پر ملنے والے شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے باریک بینی میں آپس میں جوڑ کر ملزمہ مقتول بچے کی سگی چچی تک جا پہنچے اور انہوں نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمہ کو حراست میں لے کر تفتیش کی تو ملزمہ نے دوران تفتیش مبینہ طور پر اپنے جرم کا اعتراف کر لیا۔ تفتیش کے مطابق کمسن علی شاہ کی نعش مبینہ طور پر چند روز گھر میں موجود پانی کی ٹینکی میں چھپائی گئی بعد ازاں بدبو پھیلنے پر لاش کو نکال کر بوری میں بند کر کے گھر کے قریب پھینک دیا گیا۔ پولیس نے قتل کے بعد بوری بند نعش کو ٹھکانے لگانے کا معمہ حل کرتے ہوئے ملزمہ کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ 11

موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی ہدایات پر ایس ایچ او میر حسن سب انسپکٹر شاہین خان سوئی پولیس اہلکاروں کے ہمراہ گشت کر رہے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے فرار ہو کر پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے باغان چیک پوسٹ کے قریب سے دونوں ملزمان محمد خان، سریام کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 پسٹل، 2 میگزین بمعہ راؤنڈ اور موٹر سائیکل قبضے میں لیکر ان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 12

لئے جلد 2 کروڑ روپے جاری کر دیئے جائیں گے، وکلا سے میرا رشتہ اور تعلق حکومت یا وزارت کا نہیں بلکہ کالا کوٹ ہماری اصل پہچان ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی میں وکلا سے خطاب میں کیا۔ تقریب سے بار کے صدر سعید یوسف خان نے بھی خطاب کیا وفاقی وزیر نے کہا کہ میرا آپ کا رشتہ حکومتوں اور وزارتوں کا نہیں ہے کالا کوٹ، کالی ٹائی اور ہمارا یونیفارم ہی ہماری اصل پہچان ہے میری کوشش ہوتی ہے بار کو سیاست سے الگ رکھا جائے انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کے لئے ہم ایک ساتھ کھڑے ہیں سینئر وکلا نئے آنے والوں کے راستے ہموار کریں انہوں نے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارا کسی نہ کسی سیاسی جماعت سے تعلق ہے لیکن اس کے باوجود پہلے اپنے پروفیشن کا تحفظ ہے وکلا یہاں سے نکلتے ہیں جج یہاں سے نکلتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا چشمہ گندہ ہو گیا ہے ہم نے قانون کی تعلیم کے لئے اہم اور مشکل فیصلے کئے ہیں تاکہ اس پروفیشن کی بہتری ہو 10 سال بعد ہمیں محسوس ہوگا کہ آج جو بچیاں اور بچے اس طرف آئی ہیں ہم نے سب سے پہلے اپنے گھر کی حفاظت کرنی ہے اور اسکی بہتری ہماری پہلی ترجیح ہے ہمارا مقصد اپنے پیشے کی عزت وقار اور اخلاقی اقدار کا تحفظ ہے ہم وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے گھر کی صفائی و حفاظت کرنا چھوڑ دیا تھا 10 سال بعد سب یاد کریں گے کہ جو اصلاحات ہم نے کیں وہ کتنی سودمند تھیں میں امید کرتا ہوں بار کی تعمیر و ترقی کا دور جاری و ساری رہے گا انہوں نے کہا کہ راولپنڈی اسلام آباد کی بار ایسوسی ایشنوں سے مجھے طاقت ملتی ہے ہم نے پی ڈی ایم کے دور میں لائرز پروٹیکشن ایکٹ بنایا وفاقی حکومت بار کونسلوں کی سالانہ گرانٹ اب 80 کروڑ روپے ہے جسکا حساب موجود ہے پنجاب حکومت نے بھی صوبائی بارز کی گرانٹ ڈبل کر کے ایک ارب روپے تک کر دی ہے انہوں نے کہا کہ 26 اور 27 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے ہم نے 20 سال قبل سیکھا تھا انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک فیڈریشن ہے کیا حرج تھا پہلے ہی وفاقی آئینی عدالت قائم کر دی جاتی جس میں ہر صوبے کی برابر نمائندگی ہو، کسی صوبے سے 4 جج نہیں ہو سکتے ہر صوبے سے 3 اور ایک جج اسلام آباد سے ہوگا پنجاب پر مقدمہ قائم نہیں ہوا کہ یہاں کے جج نے وزیراعظم کو پھانسی دی آئین کی تشریح کے معاملات کو آئینی عدالت کے سپرد کر دیا گیا وضاحت کے ساتھ 27 ویں ترمیم میں یہ بات کلیئر کر دی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے اب اس بحث کو مزید الجھانے کی ضرورت نہیں ہے انہوں نے کہا کہ وکلا نے کبھی بھی ایک سیاسی جماعت کا ایندھن نہیں بننا بار کے تحفظ اور عزت کے لئے تمام وکلا اکٹھے ہوں گے کچہری چوک ری ڈیزائننگ کے معاملات بغیر کسی شور شرابے کے حل ہوئے آئندہ ہفتے 2 کروڑ روپے ہائیکورٹ بار کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہو جائیں گے تاکہ زیر تکمیل منصوبے جلد مکمل ہو سکیں ہائیکورٹ راولپنڈی کے ججز کے لئے لاہور سے امیدواروں سے پہلے کوشش کروں گا بار کے صدر سعید یوسف خان نے کہا کہ ہم صرف ایک وکیل نہیں کالے کوٹ، کالی ٹائی میں ہماری اپنی اپنی وابستگی ہے اپنی نظریاتی جماعتوں سے لیکن اس سے پہلے ہم وکیل ہیں جیل کے اندر اور باہر ہر سائل کو قانون کے مطابق ریلیف ملنا چاہیے چاہے وہ سابق وزیراعظم ہو یا عام قیدی حوالاتی ہو اسے قانون کے مطابق ریلیف ملنا چاہیے انہوں نے بار آمد پر وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 13

کے دوران وفاقی وزیر نے پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کے فروغ میں نتالی بیکر کی سفارتی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پاکستان اور امریکہ کے نجی شعبوں کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے اور باہمی اقتصادی تعاون کے دائرہ کار کو وسعت دینے پر زور دیا۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان تمام شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا خیرمقدم کرتا ہے۔ انہوں نے معدنیات، توانائی، زراعت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور صحت کے شعبوں میں امریکی سرمایہ کاروں کے لیے موجود مواقع سے بھی آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 550 سے زائد اصلاحات کی گئی ہیں۔ انہوں نے سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے کردار پر بھی بریفنگ دی، جہاں ایک ہی مقام پر مختلف خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ان کے مطابق اسلام آباد بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر نے اپنے پہلے سال کے دوران 6.6 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کی، جبکہ اس کے ذریعے 20 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بھی معاونت کی گئی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے بتایا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی اور کاروبار کرنے کے عمل کو آسان بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ دریں اثنا قیصر احمد شیخ نے امریکی ناظم الامور نتالی بیکر کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ منعقد کرنے کا اعلان بھی کیا۔ ملاقات میں ورلڈ اکنامک فورم کی جانب سے وفاقی وزیر کو پائیدار ترقی کے اثرات سے متعلق اجلاس 2026 میں شرکت کی دعوت کا بھی ذکر کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ باہمی سرمایہ کاری اور تجارت کے فروغ سے اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دی جا سکتی ہے۔

بقیہ 14

گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد اور برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے بھی شرکت کی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت مختلف شعبوں میں گہرے نوعیت کی اصلاحات کر رہی ہے تاکہ نجی شعبے کو معیشت میں مرکزی کردار ادا کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع مل سکیں۔ انہوں نے کہا مالیاتی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں جن میں بجٹ خسارے میں کمی، حکومتی آمدن میں اضافہ اور ادارہ جاتی اصلاحات میں پیش رفت شامل ہیں۔ سرکاری اداروں میں اصلاحات، نجکاری کے عمل کو آگے بڑھانے، توانائی کے شعبے کی بہتری اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا ٹیکس بیس کو وسیع کرنے کے لیے اصلاحات کی گئی ہیں، ٹیکس حکام کے صوابدیدی اختیارات ختم کر دیے گئے ہیں اور کسی کو خصوصی رعایت نہیں دی جا رہی، تاہم تنخواہ دار طبقے پر کوئی نیا اضافی ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ موجودہ عالمی و ملکی حالات پر بات کرتے ہوئے سینیٹر محمد اورنگزیب نے بتایا کہ گزشتہ سال ملک میں آنے والے شدید سیلاب اور مشرق وسطیٰ میں جنگ کی وجہ سے عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں بڑھیں اور معیشت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے فخر سے بتایا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے تمام جائزے مقررہ وقت پر کامیابی سے مکمل کیے ہیں، جبکہ ملک کی کریڈٹ ریٹنگ میں تین مرتبہ بہتری بھی آئی ہے۔ تقریب کے آخر میں ایک سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد ہوا جس میں وزیر خزانہ نے عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع اور حکومتی پالیسیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 15

بولتا ثبوت ہے۔ اپنے ایک بیان میں بابر خان یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف سرگرم دہشتگرد عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری عزم و استقامت کے ساتھ کامیاب کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ آواران میں ہونے والی کامیاب کارروائی اس امر کی عکاس ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنانے کے لیے ریاستی ادارے مکمل طور پر متحرک اور پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر فرائض انجام دے رہے ہیں، اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے متحد ہیں اور دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ دہشتگردی کے ذریعے صوبے میں خوف و ہراس پھیلانے اور امن و ترقی کے سفر کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ بابر خان یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشتگردی کے خلاف ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے اور عوام اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اہم قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور امن کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قومی اتحاد، عوامی تعاون اور ریاستی اداروں کی مؤثر کارروائی کے ذریعے دہشتگردی کے ناسور کا مقابلہ کیا جا رہا ہے۔ معاون برائے داخلہ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے جدوجہد جاری رہے گی اور امن دشمن عناصر کو صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا۔

بقیہ 16

ان پر بیانات جاری نہیں ہوئے، انہوں نے بی این پی مینگل یا نام نہاد قوم پرست سردار کے خلاف اپنی طرف سے کوئی بیان جاری نہیں کیا۔ البتہ یہ سرفراز بگٹی کا واضح موقف ہے کہ جب بھی کوئی اپنی سرداری سے مرعوب کرنے کی کوشش کرے گا تو اسے اس کی زبان میں جواب دیا جائے گا۔ چند روز قبل بھی جو مغلظات استعمال کی گئیں، جو گھٹیا گفتگو ایک نام نہاد سردار اور قوم پرست کی جانب سے کی گئی، ان کی زبان میں اس کا جواب دیا جا سکتا تھا، تاہم ان کے اور ہمارے ظرف میں یہ فرق ہے کہ اس کا جواب بھی ہم نے سیاسی انداز میں دیا۔ اور جس مقبولیت کا دعویٰ بی این پی کے ترجمان اپنے نام نہاد سردار اور قوم پرست رہنما کے لیے کر رہے ہیں، ان کی مقبولیت کا پیمانہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ صوبے بھر کی مقبولیت کا دعویٰ کرنے والی جماعت خضدار قومی اسمبلی کی نشست جمعیت علما اسلام کی حمایت کے بغیر نہیں جیت سکتی۔ 2013 میں جب جمعیت علمائے اسلام نے نیشنل پارٹی سے اتحاد کیا تو موصوف کی جماعت قومی اسمبلی کی نشست نہیں جیت سکی۔ جب 2018 میں جمیعت علمائے اسلام نے بلوچستان نیشنل پارٹی سے اتحاد کیا، تب جا کر انہیں قومی اسمبلی کی نشست مل سکی۔ 2018 میں جہاں وفاق میں تحریک انصاف فیض یاب ہوئی، وہاں بلوچستان میں فیضیاب ہونے والی جماعت موصوف نام نہاد قوم پرست سردار کی تھی۔ 2018 سے پہلے کون سے ایسے الیکشن تھے جس میں اس جماعت کو اتنا بھاری مینڈیٹ فیضیاب ہوئے بغیر ملا ہو؟ اس کے بعد وہ خود اندازہ لگا لیں کہ وہ صوبے میں کتنی مقبول جماعت ہیں، اور مقبولیت کا دعویٰ کرنے والی اس جماعت کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ 2018 میں جب تحریک انصاف اسٹیبلشمنٹ کی تھی تو صوبے میں بلوچستان نیشنل پارٹی تھی۔ اس سے پہلے یا بعد میں اتنی نشستیں اگر اس جماعت کے حصے میں آئی ہیں تو الیکشن کمیشن کا ریکارڈ چیک کر لیں، وہ ترجمان بی این پی کا منہ چڑانے کے لیے کافی ہیں۔ لاپتہ افراد کے حوالے سے جنرل ریٹائرڈ باجوہ کو ووٹ دے کر کریڈٹ سمیٹنے اور گناہ چھپانے کی کوشش کرنے والی جماعت، جام کمال خان حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد کو گناہ اور ثواب کا کھیل بنانے والی جماعت، یہ بتائے کہ جن پانچ سو افراد کو چھڑایا تھا، وہ پانچ سو افراد اس وقت کدھر ہیں؟ کیا وہ اپنے گھروں میں ہیں یا واپس انہی دہشت گردوں کے کیمپوں میں چلے گئے ہیں جہاں سے انہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گرفتار کر کے لائے تھے؟ شاہد رند نے کہا کہ ان سوالات کے جوابات آج کے انقلابی نام نہاد قوم پرست سردار کے پاس ہیں تو قوم کو بتائیں۔

بقیہ 17

ایف کے سربراہ نادر گل بڑیچ اور بی آر ایس پی کے سربراہ ڈاکٹر طاہر رشید اپنی سرگرمیوں کو دیہاتی علاقوں تک وسعت فراہم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ "خواتین کاروباری شخصیات کیلئے پائیدار ایکوسسٹم" کے موضوع پر منعقدہ ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر سید راحیل قاضی، ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر ربابہ بلیدی، سابقہ سینیٹر روشن خورشید بروچہ، پاکستان پاورٹی ایلویشن فنڈز کے سربراہ نادر گل بڑیچ، پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، محترمہ قرۃ العین اور سی پی ڈی کے سربراہ نصر اللہ بڑیچ سمیت خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ پی پی اے ایف کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ سیمینار میں اعلیٰ سرکاری حکام، ترقیاتی شراکت داروں، مالیاتی اداروں، تعلیمی شعبے، سول سوسائٹی، نجی شعبے، میڈیا اور خواتین کاروباری شخصیات بھی شریک تھیں۔ انہوں نے خواتین کیلئے تعلیم، ہنرمندی، مالی معاونت، ٹیکنالوجی، مارکیٹ تک رسائی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری خاندانوں کو مضبوط، معاشروں کو زیادہ مستحکم اور مجموعی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ خواتین، خصوصاً دیہی اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو درپیش رکاوٹوں کا ازالہ ضروری ہے۔ خواتین کو مناسب پلیٹ فارمز، وسائل اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنا اسلئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں اور کاروباری استعداد کو پائیدار روزگار کے ذرائع میں تبدیل کر سکیں۔ انہوں نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کی بلاسود قرضوں کی فراہمی میں کاوشوں "" کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات محض مالی معاونت تک محدود نہیں بلکہ خواتین کو روزگار فراہم کرنے والی اور معاشی طور پر خودمختار بنانے میں بھی معاون ہیں۔ انہوں نے خواتین کی تعلیم کے مواقع کو مزید وسعت دینے اور خواتین کیلئے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں پروفیشنل ٹریننگ اور کوئٹہ میں اسلامیہ خواتین یونیورسٹی کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ اس کیلئے میں امریکہ سے پاکستانی سرمایہ کاروں اور مخیر حضرات کو لاؤں گا۔ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے پاکستان کے ثقافتی ورثے، روایتی فنون، دستکاری اور تخلیقی معیشت میں خواتین کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے خواتین کی مہارتوں اور خدمات کو تسلیم کرنے اور انہیں ثقافتی و روایتی علم کو پائیدار معاشی سرگرمیوں میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے متنوع ثقافتی ورثے کے تحفظ اور ملک کے سماجی و معاشی ڈھانچے کو مضبوط بنانے میں خواتین کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ سیمینار کے دوران پی پی اے ایف کے بااختیار پروجیکٹ کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والی خواتین میں اسناد، بلاسود قرضوں کے چیکس اور دختران پاکستان ایکسیلنس ایوارڈز بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 18

جہاز ان کا ہدف نہیں، سعودی عرب سے منسلک جہازوں کو ہدف سمجھا جاتا ہے۔ دوسری جانب امریکہ نے یمن میں حوثی پیش قدمی پر تشویش ظاہر کی اور سعودی عرب کی فوجی مدد نہیں کی، برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق سعودی عرب نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے حوثیوں پر حملوں کے لیے بات کی تھی جو ٹرمپ نے رد کر دی۔ یاد رہے کہ امریکہ نے مارچ 2025 میں حوثیوں کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا۔ قبل ازیں امریکی نشریاتی ادارے ایگزیوس اور برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی سفارتکاروں نے عمان میں یمن کے حوثی نمائندوں سے ملاقات کی ہے، یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب حوثیوں نے حالیہ دنوں میں بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں بڑی پیش قدمی کرتے ہوئے سعودی حمایت یافتہ فورسز کو پسپا کر دیا ہے۔ ایگزیوس کے مطابق یہ ملاقات عمانی حکومت کی مدد سے مسقط میں ہوئی، اور اس میں امریکا اور حوثیوں کے درمیان جنگ بندی کو برقرار رکھنے اور آبنائے باب المندب کے تحفظ کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایک یمنی ذریعے کے مطابق حوثیوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اسرائیلی یا دیگر تجارتی جہازوں پر حملے نہیں کریں گے، تاہم سعودی عرب سے تعلق رکھنے والے بحری جہاز اس استثنا سے باہر ہوں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اس مخصوص ملاقات پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا تاہم ترجمان کا کہنا تھا کہ بحیرہ احمر میں جہاز رانی کی آزادی کا تحفظ اور مشرق وسطیٰ سے دہشت گردی کی سرگرمیوں کی روک تھام امریکا کے بنیادی مفادات میں شامل ہیں۔

بقیہ 19

عرصے سے مغوی شیر عالم خان کی بازیابی کرانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعہ کی تحقیقات کر کے ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کر کے مغوی کو بازیاب کیا جائے تاکہ اہلخانہ میں پائی جانے والی بے چینی اور ذہنی کوفت کا خاتمہ ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ شیر عالم خان غلجی کو 26 مئی 2026ء کو کوئٹہ میں ان کی دکان سے مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغواء کر کے لے گئے واقعہ کے بعد قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کارروائی کی اور اغواء میں استعمال ہونے والی گاڑی اور اسلحہ سمیت بعض افراد کو گرفتار کر لیا۔ معلومات کے مطابق گرفتار افراد کی تفتیش کے دوران اہم معلومات سامنے آئیں کہ مغوی کو کوئٹہ سے چمن لے جانے اور وہاں بعض افراد کے حوالے کیے جانے کا معاملہ سامنے آیا۔ اگر یہ معلومات تفتیشی ریکارڈ کا حصہ ہے تو پھر ان کی بنیاد پر شیر عالم تک پہنچنے کے لیے تفتیش کو آخری حد تک کیوں نہیں پہنچایا گیا ہے عدالتی کارروائی ہوئی بعد ازاں بعض گرفتار ملزمان کو ضمانت ملی جس پر ہمیں تشویش ہے کہ کیس کی تفتیش پر سیاسی و قبائلی دباؤ اثر انداز ہوا ہے اس حوالے سے سیاسی قبائلی رہنما کے بھائی کیس میں شامل تفتیش ہے۔ ملوث اغواء کاروں کی گرفتاری کے بعد سوشل میڈیا پر سیاسی و قبائلی رہنما نے ویڈیو کے ذریعے دھمکی آمیز گفتگو کی ہے جس کی تحقیقات کر کے حقائق منظر عام پر لائے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سی سی ٹی وی فوٹیج، گرفتار افراد کے بیانات، گاڑیوں کی معلومات، موبائل اور دیگر دستیاب شواہد مبینہ واٹس ایپ میسجز، ویڈیوز اور تفتیش کے دوران سامنے آنے والی معلومات کو ایک مربوط تفتیش کا حصہ بنا کر سیاسی وابستگی، قبائلی حیثیت یا سماجی اثر و رسوخ کو بالائے طاق رکھ کر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 20

ہونے والے متعدد رابطے اور مذاکرات کسی مستقل سمجھوتے پر منتج نہیں ہو سکے، جبکہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے خلاف فوجی کارروائیاں بھی کرتے رہے ہیں۔ دوسری جانب جنگ اور آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث تیل، ایندھن اور دیگر اشیا کی قیمتوں میں اضافے پر امریکی ووٹروں کی تشویش بڑھ رہی ہے۔ نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے قبل یہ صورتحال کئی ریپبلکن امیدواروں کے لیے سیاسی چیلنج بن چکی ہے۔ مبصرین کے مطابق بڑھتے معاشی دباؤ اور عوامی خدشات نے ٹرمپ انتظامیہ کو کم از کم عوامی سطح پر ایران کے ساتھ مذاکرات کی حمایت اور جنگ کے خاتمے کی بات کرنے پر آمادہ کیا ہے۔

بقیہ 21

مین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام تعمیر نو کالج غزالی کیمپس کوئٹہ میں منعقد خصوصی انٹرا ایجوکیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں طلبہ و طالبات، اساتذہ، ٹرسٹ کے عہدیداران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی تقریب میں آمد پر طلبہ و طالبات نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پھول پیش کیے گئے، ریڈ کارپٹ بچھایا گیا جبکہ روایتی انداز میں مہمان خصوصی کو تقریب میں خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری محمد انس نے حاصل کی۔ اس کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ، اسمائے حسنیٰ اور دیگر پروگرام پیش کیے گئے۔ طلبہ کی جانب سے کلام اقبال بھی پیش کیا گیا۔ سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان محمد نسیم لہڑی نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے تعمیر نو ٹرسٹ کی تعلیمی، تربیتی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ادارہ طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ قومی اقدار، ادب اور ثقافت سے جوڑنے کے لیے مختلف پروگرام منعقد کرتا ہے۔ تقریب کا اہم حصہ حاجی مصدق علی اسکالرشپ 2026 تھا، جس کے تحت تین طلبہ میں اسکالرشپ تقسیم کی گئی۔ ہر طالب علم کو دو لاکھ روپے دیے گئے، اس طرح تین طلبہ میں مجموعی طور پر چھ لاکھ روپے کی رقم تقسیم ہوئی۔ اسکالرشپ کا مقصد مستحق اور قابل طلبہ کی حوصلہ افزائی اور اعلیٰ تعلیمی کارکردگی کی پذیرائی تھا۔ تقریب میں انٹرنیشنل اقبال کانفرنس 2025 کی جھلکیاں بھی پیش کی گئیں، جس کے ذریعے تعمیر نو ٹرسٹ کی ادبی و فکری سرگرمیوں کو اجاگر کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نیشنل لینگویج پروموشن ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر مظہر سلیم نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے زبان و ادب کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے طلبہ کو مطالعہ اور ادبی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ زبان کسی بھی قوم کی شناخت اور ثقافتی ورثے کی حفاظت کا اہم ذریعہ ہے۔ اس موقع پر تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان پر دستاویزی فلم بھی پیش کی گئی، جس میں ادارے کے تعلیمی سفر اور مختلف سرگرمیوں کو اجاگر کیا گیا۔ اسی موقع پر طلبہ کی جانب سے کلام اقبال پیش کیا گیا، جبکہ پرائمری اسکول کے طلبہ نے استقبالیہ ٹیبلو پیش کیا۔ مہمان خصوصی کو روایتی ٹوپی، اور اقبال کانفرنس کی یادگاری شال بھی پیش کی گئی۔ چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) عبدالجلیل خان نے اختتامی کلمات میں وفاقی وزیر، ڈاکٹر مظہر سلیم، معزز مہمانوں، اساتذہ اور طلبہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعمیر نو ٹرسٹ تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کی علمی، ادبی اور اخلاقی تربیت کو بھی اہمیت دیتا ہے اور مستقبل میں بھی ایسی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر کو یادگاری سوونیئر پیش کیا گیا، جس کے بعد قومی ترانہ بجایا گیا۔ پروگرام کے کنڈکٹر اور میزبان پیٹرن رحمت للعالمین و خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان، سیکرٹری حکومت بلوچستان حافظ محمد طاہر تھے۔ بعد ازاں گوشہ اقبال میں شرکاء کے لیے ریفریشمنٹ کا اہتمام کیا گیا۔ واضح رہے کہ تقریب میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی، تعمیر نو ٹرسٹ کے سیکرٹری محمد نسیم لہڑی، چیئرمین بریگیڈیئر (ر) عبدالجلیل خان اور ڈائریکٹر جنرل نیشنل لینگویج پروموشن ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر مظہر سلیم سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 22

ایم پی ڈی) سوزین راب اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی "فرنٹیکس" کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہانس لیٹیکس کی الگ الگ ملاقات ہوئی۔ ڈائریکٹر جنرل آئی سی ایم پی ڈی نے کہا کہ پاکستان کی غیر قانونی امیگریشن کے خلاف کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ ہانس لیٹیکس نے کہا کہ پاکستان کی غیر قانونی امیگریشن کے سدباب کے لیے اٹھائے گئے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی نے غیر قانونی امیگریشن کے سدباب کے لیے پاکستان کے موثر اقدامات کو سراہا۔ ملاقاتوں میں غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کیلئے انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ملاقات میں غیر قانونی امیگریشن کے سدباب اور بارڈر مینجمنٹ کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا۔ غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔ غیر قانونی امیگریشن میں 100 فیصد کمی اگلا ہدف ہے، جسے ہر صورت حاصل کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ غیر قانونی مائیگریشن میں کمی کیلئے لیگل امیگریشن کی نئی راہیں کھولنا ضروری ہے، غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور افسران کی ٹریننگ کی ضرورت ہے، بارڈر مینجمنٹ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے دور جدید کے تقاضوں کے مطابق اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ غیر قانونی امیگریشن کے مکمل خاتمے کے لیے مزید عملی اقدامات اور مربوط تعاون کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے تمام ائرپورٹس کے 500 امیگریشن کاؤنٹرز پر جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیمرے نصب کرنا ہدف ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ جدید کیمروں کے ذریعے غیر قانونی امیگریشن اور انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کو فوری طور پر قانون کی گرفت میں لایا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ ڈائریکٹر جنرل آئی سی ایم پی ڈی نے کہا کہ پاکستان کی غیر قانونی امیگریشن کے خلاف کاوشیں قابل تعریف ہیں، آئی سی ایم پی ڈی کے وفد نے ایف آئی اے کی رسک اینالیسس رپورٹ کو سراہا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی سی ایم پی ڈی نے کہا کہ غیر قانونی امیگریشن کے مکمل خاتمے کے ہدف کے حصول میں پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ ہانس لیٹیکس نے کہا کہ پاکستان کی غیر قانونی امیگریشن کے سدباب کے لیے اٹھائے گئے اقدامات قابل تحسین ہیں، غیر قانونی امیگریشن کے مکمل خاتمے کے مقرر کردہ ہدف کے حصول میں ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ فرنٹیکس وفد میں ڈائریکٹر انٹرنیشنل ریلیشنز، گورننس اینڈ سٹریٹجی ایوا کاواچا، ڈائریکٹر سٹیٹیکس ڈویژن اسٹیفانو فیلا، ہیڈ آف یونٹ فار انٹرنیشنل کوآپریشن جان واٹیل اور سینئر لائزن آفیسر ٹو پاکستان رالف شوفلن شامل تھے۔ وزیر مملکت طلال چوہدری، سپیشل سیکرٹری داخلہ اور ڈی جی ایف آئی اے بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 23

اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے پروگرام کے تحت خواتین کو بلاسود قرضوں کی فراہمی، کاروباری خواتین کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور مضبوط ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے سے خواتین میں معاشی خودمختاری کو فروغ مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس خاندان میں تعلیم یافتہ اور باروزگار خاتون موجود ہو، وہاں پورے خاندان کی معاشی اور سماجی صورتحال میں مثبت تبدیلی آتی ہے۔ خواتین کو معاشی طور پر مضبوط اور خودمختار بنانے سے نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے معاشرے کی ترقی ممکن ہے۔ قائم مقام اسپیکر نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں بہتر مواقع، مالی معاونت اور مناسب رہنمائی فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے کاروبار شروع کر کے باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ سیمینار سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وفاقی وزیر برائے ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر سید راحیل قاضی، ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر ربابہ بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 24

لہندوستان کے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر آواران کے علاقے بدرنگ میں آپریشن ردالفتنہ 3 کا آغاز کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان موثر کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے نتیجے میں 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے خودکار ہتھیاروں، دھماکہ خیز مواد اور گولہ بارود سمیت بھاری مقدار میں سازوسامان برآمد کیا گیا ہے، جو علاقے میں تخریب کاری کی بڑی کارروائی کے لیے استعمال ہونا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور موثر کارروائیوں کی وجہ سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو شدید جانی و مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ فورسز صوبے میں امن و امان کے قیام، قانون کی بالادستی اور دہشت گردی کے ناسور کو مکمل طور پر مٹانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں اور یہ کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ 25

لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سنجیدگی سے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے انتظامی امور اور عوامی مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے کیا، انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کے آفیسران کو ہدایت کی کہ وہ پسماندہ علاقوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے اپنی کوششیں تیز کریں، ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے بھی ضلع برشور کو ترقی دینے کے لیے سنجیدگی سے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس کے تحت صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی اور مواصلات کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا حکومت اور انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ان تمام ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے مقامی سطح پر تعاون انتہائی ضروری ہے، ضلع برشور کے قبائلی عمائدین کی رہنمائی اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون برقرار رکھنے سے ترقی کی راہ ہموار ہوگی، اور مستقبل قریب میں ضلع برشور کو ایک ماڈل ضلع بنانے میں خاطر خواہ مدد ملے گی۔

بقیہ 26

میں ہیکزاویلنٹ ویکسین شامل کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں متعلقہ صوبائی حکام سے مشاورت اور عالمی ویکسین اتحاد گاوی کے ساتھ اتفاق رائے کے بعد ہیکزاویلنٹ ویکسین متعارف کرانے کی منظوری دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس ویکسین کی منتقلی کی قومی حفاظتی ٹیکہ جات تکنیکی مشاورتی گروپ کی جانب سے بھی توثیق کی جا چکی ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہیکزاویلنٹ ویکسین کی جانب منتقلی پاکستان کے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ ان کے مطابق گزشتہ 14 ماہ سے گاوی اور دیگر عالمی شراکت داروں کے تعاون سے اس ویکسین تک رسائی کے لیے مسلسل کوششیں جاری تھیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی ویکسین کے ذریعے بچوں کو چھ مختلف بیماریوں سے تحفظ فراہم ہوگا، جبکہ موجودہ طریقہ کار کے مقابلے میں بچوں کو کم انجکشن لگیں گے۔ اس سے بچوں کو ہونے والی تکلیف میں بھی کمی آئے گی اور والدین کے اعتماد اور تعاون میں بھی بہتری متوقع ہے۔ مصطفیٰ کمال کے مطابق ہیکزاویلنٹ ویکسین کو حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام میں شامل کرنے سے ویکسینیشن کا نظام مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی، جبکہ دور دراز علاقوں تک ویکسین کی رسائی بہتر ہونے کے ساتھ بچوں میں حفاظتی ٹیکوں سے محرومی کے خلا کو بھی کم کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے ملک میں ویکسینیشن کی مجموعی کوریج بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے عالمی ویکسین اتحاد گاوی، عالمی فنڈ، عالمی ادارہ صحت، یونیسف، گیٹس فاؤنڈیشن اور دیگر شراکت داروں کے تعاون پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اجلاس کے دوران یونیسف، گاوی اور عالمی ادارہ صحت کے نمائندوں نے ہیکزاویلنٹ ویکسین کی منتقلی کے لیے وفاقی وزیر صحت کی قیادت اور عزم کو سراہا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مجوزہ شیڈول کے مطابق بچوں کو ہیکزاویلنٹ ویکسین 6، 10 اور 14 ہفتے کی عمر میں دی جائے گی۔ حکام کے مطابق اس منتقلی کا مقصد بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کے ذریعے بہتر تحفظ فراہم کرنا اور ملک میں ویکسینیشن کی کوریج کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ 27

شہید ہونے والے ایف سی افسران اور اہلکاروں کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ایف سی 155 ونگ کے میجر عامر، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہ غلزئی سمیت دیگر متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہداء کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور ان کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی گئی۔ شرکاء نے شہید ایف سی افسران و اہلکاروں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ملکی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ شہداء قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، جنہوں نے ملک کی حفاظت اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوان امن و سلامتی کے قیام کے لیے جس عزم اور جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، وہ قابل تحسین ہے۔ شہداء کی قربانیاں امن کے لیے ہماری مشترکہ ذمہ داری اور عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور اجتماعی دعا کی گئی۔

بقیہ 28

پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 01

ے گا۔ دہشتگرد اور ان کے سہولت کار صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور عزم اور استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلوچستان کے امن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے جوان پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا، جبکہ ریاستی ادارے امن دشمن عناصر کے عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنانے کے لیے متحد اور پرعزم ہیں۔ ظہور بلیدی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے۔ سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور صوبے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 02

حمید اللہ مینگل، میر اشرف علی مینگل، جمعہ خان شکرانی، سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزارزئی اور سپرنٹنڈنٹ مراد گزوزئی بھی موجود تھے۔ اجلاس میں شہر اور گرد و نواح میں بجلی کی لوڈشیڈنگ، کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے نمائندوں نے موقف اختیار کیا کہ خضدار جیسے بڑے اور گرم ترین شہر میں لوڈشیڈنگ سے کاروباری زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے، طلبہ کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے اور عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بجلی عوام کی بنیادی ضرورت ہے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کے حکم کے مطابق ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں صرف دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی جائے گی تو مجھے امید ہے ان کی ہدایت پر عمل درآمد ہو گا اور ضلعی انتظامیہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ انہوں نے کیسکو حکام کو ہدایت کی کہ وہ بجلی کے اوقات کار کو عوام دوست بنائیں اور غیر ضروری لوڈشیڈنگ میں کمی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور اداروں کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کیسکو کے ایگزیکٹو انجینئر عبدالقیوم منگلوئی نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خضدار میں بجلی کی فراہمی میں بہتری کے لیے کیسکو ہر ممکن تعاون کرے گا۔ کیسکو کو لائن لاسز اور بروقت بلوں کی ادائیگی سے ہی کیسکو مکمل بجلی کی فراہمی کو ممکن بنا سکے گا اس سلسلے میں صارفین تعاون کریں جس کے بعد کیسکو خضدار بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور لوڈشیڈنگ میں کمی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ دوسری جانب آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ کیسکو کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے امید ظاہر کی کہ خضدار کے غریب عوام کو غیر طریقے سے بجلی کے بل بھیجے جائیں گے تو وہ کہاں سے پوری کریں گے تو واپڈا انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ بھی عوام سے تعاون کریں اور گھر گھر جا کے اپنے میٹر ریڈیس کے حساب سے ان کے میٹر چیک کرایا کریں جتنے یونٹس ہیں اتنے یونٹس کے حساب سے ان کے لیے بلز بھجوا دیا کریں اس مشترکہ تعاون سے خضدار میں بجلی کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام ضلعی انتظامیہ اور کیسکو جب ایک پیج پر ہوں گے تو نہ صرف بجلی چوری میں کمی آئے گی بلکہ ریکوری میں بھی اضافہ ہو گا جس کا براہ راست فائدہ خضدار کے شہریوں کو پہنچے گا۔

بقیہ 03

ہے کہ سوراب ٹو ڈان کراس روڈ کا تعمیراتی منصوبہ طویل عرصے سے نامکمل پڑا ہوا تھا، جس کے باعث نہ صرف روزمرہ آمد و رفت میں شدید دشواریوں کا سامنا تھا بلکہ طلبہ، مریضوں، کاروباری افراد، زمینداروں اور عام مسافروں کو بھی مشکلات پیش آ رہی تھیں۔ سڑک کی خستہ حالی اور تعمیراتی کام کے تعطل نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا تھا، یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سوراب ٹو ڈان کراس روڈ کے تعمیراتی کام ادھورا چھوڑے جانے کے خلاف کلی سرخ کے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے سوراب بازار کے مقام پر شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا تھا، مظاہرین نے مطالبہ کیا تھا کہ سڑک کے زیر تعمیر منصوبے کو مزید تاخیر کا شکار بنانے کے بجائے فوری طور پر دوبارہ فعال کیا جائے اور مقررہ معیار کے مطابق تعمیراتی کام مکمل کیا جائے، احتجاج کے دوران وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سالانی نے مظاہرین سے مذاکرات کیے اور ان کے مسائل و تحفظات سنے، انہوں نے علاقہ مکینوں کو یقین دہانی کرائی تھی کہ سڑک کے تعمیراتی کام کی بحالی کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار اداروں سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے گا اور اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر اٹھایا جائے گا، شیخ محمد یاسین سالانی کی یقین دہانی کے بعد مظاہرین نے احتجاج ختم کرتے ہوئے شاہراہ کو ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا تھا، جس کے بعد اب سڑک کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے، تعمیراتی سرگرمیاں بحال ہونے پر کلی سرخ کے علاقہ مکینوں نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سالانی کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 04

بریفنگ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ درخت ہماری آنے والی نسلوں کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں۔ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، صاف و صحت مند ماحول کے قیام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے شجرکاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوام، سرکاری اداروں، طلبہ اور سول سوسائٹی سے اپیل ہے کہ وہ لگائے گئے پودوں کی حفاظت کو اپنا قومی فریضہ سمجھیں۔ سرسبز و شاداب قلات ہی ہماری آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے

بقیہ 05

کی روانی میں رکاوٹ بننے والے ریڑھی بانوں اور دیگر عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ سڑک کے متاثرہ حصوں کو کلیئر کر کے عوام اور ٹریفک کی آمد و رفت بحال کر دی گئی۔ تجاوزات اور انتظامی قوانین کی خلاف ورزی پر 10 افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی شاہراہوں اور سڑکوں پر تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، جبکہ سڑکوں کو عوام کے لیے قابل رسائی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 06

میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ، ڈویژنل پولیو آفیسر ڈاکٹر اشرف، ڈی ایچ او سبی ڈاکٹر قادر ہارون سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی، جبکہ سبی ڈویژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈی ایچ اوز اور ڈی ایم پی ایچ آئی نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کی تیاریوں، مائیکرو پلاننگ، زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی، پوسٹ کمپین ویلڈیشن، ٹیموں کی تعیناتی اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کی مؤثر نگرانی اور سو فیصد نتائج کے حصول کے لیے مائیکرو پلان پر مکمل عمل کیا جائے اور ایسے بچوں کی نشاندہی کی جائے جو اب تک زیرو ڈوز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوسٹ کمپین ویلڈیشن کو مؤثر بنایا جائے تاکہ مہم کے نتائج کی درست جانچ اور رہ جانے والے بچوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈسٹرکٹ لیول پر پولیو مہم سے متعلق تمام تعیناتیاں ڈی سی اوز کے ذریعے کی جائیں گی، جبکہ تمام اضلاع میں جامع اور زمینی حقائق کے مطابق مائیکرو پلان تیار کر کے اسی کے مطابق عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی کی جائے اور مہم کے دوران سامنے آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے صحت عامہ کے مسائل کے حل کے لیے سیوریج کے نظام پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیوریج کے مسئلے کو حل کیے بغیر صحت عامہ سے متعلق دیگر مسائل پر قابو پانا مشکل ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ سیوریج کی صورتحال کا جائزہ لے کر بہتری کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں پولیو مہم کو کامیاب بنانے، بچوں تک رسائی یقینی بنانے اور پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ضلعی و ڈویژنل سطح پر مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 07

اس لیے ضروری ہے کہ مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے علماء عوام غیروں کے مفادات کی جنگ میں کسی بھی ملک یا گروہ کی پراکسی وار کا حصہ بننے سے گریز کریں۔ بیان میں مکہ مکرمہ پر حملے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایک مسلمان ملک کی سرزمین پر حملے کی کوشش تمام مسلمان ممالک اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے درمیان اختلافات شدت اختیار کرنے کا باعث بنے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی مذہب اور مسلک کے مقدسات پر حملہ نہ صرف قابل مذمت اور قابل گرفت ہے بلکہ اس کے بطور خاص مسلمان ممالک پر انتہائی بھیانک اثرات مرتب ہوں گے جو آگے جا کر فرقہ وارانہ چپقلش پر منتج ہو سکتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عالمی قوتوں اور بطور خاص حکومت پاکستان کو خلیج فارس میں کشیدگی، بدامنی اور توسیع پسندانہ جارحیت کے خاتمے اور قیام امن کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ ہمارا ملک اور یہ خطہ مشرق وسطیٰ میں لگی آگ کی لپیٹ سے محفوظ رہ سکے۔

بقیہ 08

حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 230000 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 09

یوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ جی ڈی اے گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت شہر کو جدید تقاضوں اور عالمی معیار کے مطابق ترقی دینے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جی ڈی اے کی میونسپل سروسز کے تحت شہر کی شاہراہوں اور گلیوں کی صفائی، چھڑکاؤ کی صفائی، ڈرینج اور سیوریج لائنوں کی صفائی اور دیکھ بھال، گرین بیلٹس اور مختلف گراؤنڈز میں شجرکاری، درختوں کی حفاظت و دیکھ بھال، واٹر سپلائی اور ڈسٹری بیوشن کے نظام کی نگرانی سمیت مختلف شہری خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ اسی طرح شہر میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور تعمیراتی سرگرمیوں کو قواعد و ضوابط کے مطابق لانے کے لیے بھی باقاعدہ کارروائیاں جاری ہیں۔ اجلاس میں جی ڈی اے کے انتظامی ڈھانچے، ہیومن ریسورس، مالیاتی امور اور بجٹ کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ادارے کے جاری و نئے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، رواں مالی سال میں مختص ترقیاتی فنڈز اور مختلف منصوبوں کے لیے درکار اضافی مالی وسائل سے متعلق بھی تفصیلی آگاہ کیا۔ گوادر میں پانی کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ سوڈ ڈیم میں پانی کا سطح کم ہونے کے بعد اس وقت شادی کور سے روزانہ پانی پمپ کر کے گوادر اور شہر کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ شادی کور پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کی سہولت دستیاب نہ ہونے کے باعث جنریٹرز کے ذریعے مسلسل پمپس چلائے جا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں ایندھن اور آپریشنل اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں اضافی فنڈز کی ضرورت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ شادی کور پمپنگ اسٹیشن کو نیشنل گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی کے لیے علیحدہ فیڈر کی تنصیب سے متعلق پی سی ون صوبائی حکومت کو منظوری کے لیے پیش کیا جا چکا ہے، جس پر جلد پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے گوادر کے شہریوں کو فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات، جن میں کھیلوں کے میدان، پارکس اور تفریحی مقامات، جی ڈی اے اسکول، جی ڈی اے ہسپتال، شاہراہوں کا نیٹ ورک، ماہی گیری کے شعبے کے لیے سہولیات، جیٹیز اور بریک واٹرز سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں، کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے منصوبوں کا بھی خصوصی طور پر ذکر کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ ملا فاضل چوک، جو گوادر کا ایک دیرینہ اور اہم تجارتی مرکز ہے جو گزشتہ کئی ادوار سے سیوریج اور ڈرینج کا ابتلا تالاب بن گیا تھا جی ڈی اے نے اس کی تعمیر و توسیع کر کے اسے جدید اور خوبصورت چوک میں تبدیل کیا گیا ہے، جس سے علاقے میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملا ہے۔ اسی طرح ایک عرصے سے سیوریج اور گندے پانی کے جوہڑ کا منظر پیش کرنے والے دیمی زر پر سڑک کی تعمیر، جدید ڈرینج نظام کی تنصیب اور اس ایریا کی صفائی و خوبصورتی کے اقدامات کے ذریعے اسے ایک بہتر اور صاف ستھری شہری جگہ میں تبدیل کیا گیا ہے۔ اجلاس میں جی ڈی اے کی آمدن میں اضافے کے امکانات اور ادارے کے مالی وسائل کو مستحکم بنانے کے لیے مختلف اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے جی ڈی اے کی آمدن میں اضافے کے لیے نئے ذرائع تلاش کرنے، موجودہ وسائل کے مؤثر استعمال اور مالی استحکام کے لیے قابل عمل تجاویز مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ جی ڈی اے اسکول کے مستقبل کے حوالے سے بھی اجلاس میں اہم غور و خوض کیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے جی ڈی اے ہسپتال کی آؤٹ سورسنگ کے کامیاب تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے جی ڈی اے اسکول کو بھی کسی مستند اور تجربہ کار ادارے کے ذریعے چلانے کے امکان کا جائزہ لینے کی ہدایت کی، تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ادارے کے انتظامی و مالی اخراجات کو بھی مؤثر انداز میں کم کیا جا سکے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہدایت کی کہ جی ڈی اے بورڈ گورننگ باڈی کے آئندہ اجلاس میں ادارے کی آمدن میں اضافے کے امکانات، مالی خود انحصاری، جی ڈی اے اسکول کے مستقبل کے لیے موزوں انتظامی ماڈل اور جی ڈی اے کے نان ڈویلپمنٹ بجٹ سے ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل پیدا کرنے کے متعلق جامع سفارشات پیش کی جائیں۔ اجلاس میں گوادر کی پائیدار شہری ترقی، بنیادی سہولیات کی بہتری، جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ادارے کے انتظامی و مالی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جی ڈی اے کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 10

کی۔ اجلاس میں محترمہ عتیقہ بلوچ، انچارج شعبہ زوولوجی؛ محترمہ سمیعہ، فیکلٹی ممبر شعبہ زوولوجی؛ اور طہٰ ہیک، لیکچرار شعبہ کمپیوٹر سائنس نے شرکت کی، جبکہ ڈاکٹر مہتاب ابراہیم نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا ایک اہم نکتہ بی ایس زوولوجی (فشریز اینڈ ایکوا کلچر) پروگرام کے نظرثانی شدہ نصاب کا تفصیلی جائزہ تھا۔ بورڈ کے اراکین نے مجوزہ ترامیم پر تفصیلی غور کیا، جس میں طلبہ کو زوولوجی کے بنیادی علوم، فشریز اور ایکوا کلچر کی خصوصی تعلیم، بین الشعبہ جاتی سیکھنے اور جدید تکنیکی مہارتوں پر مشتمل متوازن تعلیمی بنیاد فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس میں انڈر گریجویٹ پروگرام میں مصنوعی ذہانت کو بین الشعبہ جاتی/جنرل کورس کے طور پر متعارف کرانے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں مجوزہ کورس آؤٹ لائن، کریڈٹ آورز، تعلیمی مقاصد اور کورس کے مواد پر گفتگو کی گئی۔ بورڈ کے اراکین نے طلبہ میں مصنوعی ذہانت سے متعلق بنیادی آگاہی اور فہم پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور بی ایس زوولوجی (فشریز اینڈ ایکوا کلچر) کے نصاب میں اس کورس کو لازمی حیثیت دینے کی تجویز پر غور کیا۔ یہ اقدام پروگرام کو عصری تقاضوں اور قومی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے موجودہ معیارات سے ہم آہنگ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

بقیہ 11

نے پولیس پر فائرنگ کر دی جوابی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مطلوب ملزم جاوید علی بروہی شدید زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ اس کے 2 ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گیا پولیس حکام کے مطابق کارروائی میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا جسے علاج کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک گاڑی برآمد کی جو مبینہ طور پر جرائم کی سرگرمیوں میں استعمال کی جا رہی تھی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم جاوید علی بروہی حیدرآباد اور جامشورو میں 12 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ ان مقدمات میں ڈکیتی، مسلح جرائم، پولیس پر مزاحمت اور منشیات سے متعلق تھے۔ گرفتار دونوں ملزمان سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 12

، بازار اور دیگر عوامی مقامات پر قائم تجاوزات کی نشاندہی کا عمل شروع کر دیا۔ انتظامیہ کی جانب سے غیر قانونی تعمیرات، دکانوں کے باہر قائم تجاوزات اور سرکاری حدود میں قائم دیگر رکاوٹوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کو تجاوزات کی مکمل نشاندہی کر کے انہیں فوری طور پر ہٹانے اور سرکاری اراضی واگزار کرانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق غیر قانونی تجاوزات کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات، ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ اور سرکاری و عوامی املاک کے استعمال میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اریگیشن نالوں پر قائم تجاوزات نہ صرف سرکاری اراضی پر قبضے کے زمرے میں آتی ہیں بلکہ نکاسی آب اور آبپاشی کے نظام کو بھی متاثر کر سکتی ہیں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ تجاوزات کے خلاف کارروائی مکمل طور پر قانون اور ضابطے کے مطابق اور بلاامتیاز کی جائے، جبکہ سرکاری اراضی پر دوبارہ تجاوزات قائم ہونے کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام بھی یقینی بنایا جائے انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ سرکاری اراضی، اریگیشن نالوں، بازاروں، سڑکوں، فٹ پاتھوں اور دیگر عوامی مقامات پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی تعمیرات یا تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی۔ تجاوزات کے خلاف کارروائی مرحلہ وار جاری رکھتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں کو تجاوزات سے پاک بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے ضلعی انتظامیہ نے دکانداروں اور شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری حدود میں کسی قسم کی غیر قانونی تعمیر یا تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور اپنی دکانوں و کاروباری مراکز کے سامنے عوامی گزرگاہوں کو کھلا رکھیں انتظامیہ نے عوام الناس سے بھی اپیل کی ہے کہ اگر کسی مقام پر سرکاری اراضی، اریگیشن نالے یا بازار میں غیر قانونی تجاوزات قائم کی جا رہی ہوں تو اس کی اطلاع ضلعی انتظامیہ کو دیں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر کو صاف، منظم، تجاوزات سے پاک اور شہریوں کے لیے محفوظ و آسان بنانے کے لیے کارروائی کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا، جبکہ اس مقصد کے حصول کے لیے عوامی تعاون کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

بقیہ 13

ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ مذکورہ اسکیموں کی شمولیت سے علاقے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی اور عوام کو درپیش مشکلات میں کمی آئے گی۔ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد نائب صدر غنی خلجی، راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایڈووکیٹ ایمان زینب مزاری اور ایڈووکیٹ ہادی علی چٹھہ کے کیس میں سپریم کورٹ کی جانب سے ان کی سزا کو معطل کرنے اور ضمانت پر رہائی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔

بقیہ 14

سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تال اور گرد و نواح میں غیر مستقل افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے باقاعدہ چیکنگ کا نظام بنایا جائے تاکہ انسانی جانوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ 15

صنعتی آلودگی کے سنگین مسئلے کا نوٹس لیکر خود فیکٹری کا دورہ کیا اور حقائق سے آگہی کے بعد محکمہ تحفظ ماحولیات کے افسران کو فوری طلب کر کے احکامات جاری کیے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ماحولیاتی قوانین پر عمل نہ کرنے پر ضلع حب کی 6 صنعتی فیکٹریوں کو سیل کرنے کا حکم دیا کمشنر لسبیلہ کی انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی ایکٹ 2012 پر عملدرآمد کی ایڈوائزری پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان لچھی اور ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ طارق نے ماحولیاتی ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے چھ صنعتی یونٹس سیل کر دیئے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کا کہنا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2012 کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہو گی پی اے افسران تحفظ ماحولیات کے حوالے سے اہداف اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ماحولیاتی انسپکشن ٹیموں پر واضح کیا کہ فرائض منصبی کی ادائیگی میں کوتاہی و غفلت برتنے پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو بتایا کہ ای پی اے ریجنل آفس کی جانب سے 72 کیسز انوائرمنٹل ٹریبونل میں زیر سماعت ہیں ای پی اے ایکٹ پر عملدرآمد کیلئے ڈویژنل انتظامیہ ڈی جی انوائرمنٹ اور سیکرٹری ماحولیات کیا حکامات پر مکمل عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 16

رر ہیں جب مرکزی جماعت کی کال آئے گی تو ہم بلوچستان بھر میں شدید احتجاج کریں گے۔ کیونکہ مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانا اسلام کی مقدس ترین سرزمین کی حرمت کی پامالی ہے جس کو کوئی بھی مسلمان قبول نہیں کر سکتا۔ حرمین شریفین اور مقدس مقامات کی حرمت کو نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اس طرح کی بزدلانہ، اشتعال انگیز اور شرمناک کوشش قابل مذمت عمل ہے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی، امن اور حرمت پوری دنیا کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس اور ناقابل سمجھوتہ معاملہ ہے۔ مکہ مکرمہ پر حوثیوں کا حملہ عالم اسلام پر حملہ ہے حکومت حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے تاکہ آئندہ اس طرح کی گھناؤنا اقدام اٹھانے کی کسی کو جرات نہ ہو سکے اور جمعہ کو یوم احتجاج کے طور پر منائیں گے جس میں علماء کرام عوام میں شعور بیدار کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 17

سلسلے میں ڈاکٹر سہیل یوسف ملک کی اہلیہ ریحانہ کو حراست میں لے لیا ہے پولیس کے مطابق ڈاکٹر سہیل یوسف کو قتل کر دیا گیا ہے جبکہ پولیس حراست میں ان کی اہلیہ سے واقعے کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہے ڈاکٹر سہیل یوسف ملک بچوں اور بڑوں کے ماہر امراض کے طور پر علاقے میں خدمات انجام دے رہے تھے۔

بقیہ 18

اس موقع پر مختلف دکانوں، ہوٹلوں، سبزی اور مرغی فروشوں سمیت دیگر کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ پرائس کنٹرول کمیٹی نے مختلف اشیائے ضروریہ کے نرخ، سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی اور ان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، جبکہ دکانداروں کو مقررہ نرخوں کے مطابق اشیاء فروخت کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اس کے علاوہ بازار میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے دکانداروں کو صفائی کے انتظامات بہتر بنانے اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ معائنے کے دوران خلاف ورزیوں اور ناقص انتظامات پر 8 دکانداروں اور 2 ہوٹل مالکان کو وارننگ جاری کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی، صفائی ستھرائی میں غفلت اور عوام کو غیر معیاری اشیاء کی فراہمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پرائس کنٹرول کمیٹی نے کہا کہ عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بازاروں کی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 19

لیس کانفرنس کے دوران کہی۔ اس موقع پر شاہد علی، ہما بلوچ، فردوس سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلوچستان اور ضلع کوئٹہ کے عہدیداران سمیت دیگر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ جن کی انتھک محنت اور کاوشوں کی بدولت آج بلوچستان میں پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں آیا ہے۔ تنظیم صحافیوں کے حقوق فلاح و بہبود اور تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی اور صحافیوں کو ایک محفوظ اور موثر پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اس وقت ملک میں تنظیم کے 123 سیکرٹریٹ، 124 اضلاع اور 244 تحصیل سطح پر تنظیمی ڈھانچے موجود ہیں جس کا بنیادی مقصد صحافی برادری کو منظم کرنا اور ان کے حقوق کے لئے عملی جدوجہد کرنا ہے۔ ہم وعدوں اور دعووں پر یقین نہیں رکھتے بلکہ حقیقی معنوں میں صحافیوں کے تحفظ، فلاح و بہبود اور ان کے مستقبل کے لیے عملی اقدامات کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے صحافیوں کے لیے مختلف فلاحی اقدامات کرتے کے دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے صحافیوں کے لئے معاوضہ، اور مرحوم صحافیوں کی بیٹیوں کے لئے جہیز فنڈ اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے صحافیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے کیش ایوارڈز شامل ہیں۔ دور دراز علاقوں میں کوریج کے دوران سہولت فراہم کرنے کیلئے موبائل سروس سمیت دیگر ممکنہ سہولیات کی فراہمی کے لئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہم صحافیوں کو دعوت دیتے ہیں کہ تنظیم میں شامل ہوں تاکہ متحد ہو کر ان کے حقوق کے لئے آواز بلند کر کے ان کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن بین الاقوامی صحافی تنظیم ہے جس کی بنیاد 2012ء میں مرکزی چیئرمین میاں اشتیاق نے رکھی تھی۔

بقیہ 20

ی او صفا کوئٹہ دل نواز شاہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن اور صفا کوئٹہ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صفا کوئٹہ حکام کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو شہر میں جاری صفائی کے اقدامات، کچرے کو ٹھکانے لگانے اور دیگر معاملات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صفا کوئٹہ اس وقت روزانہ تقریباً 14 ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا رہا ہے، جبکہ شہر میں روزانہ تقریباً 16 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے۔ کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لیے مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں دو ڈمپنگ سائٹس قائم کی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق صفا کوئٹہ کی جانب سے کوئٹہ شہر کے تمام 58 وارڈز میں سویپنگ، صفائی ستھرائی، کچرے کو اٹھانے اور ڈرینج کی صفائی کا کام جاری ہے۔ گزشتہ دو سال کے دوران 7 لاکھ 35 ہزار سے زائد مقدار میں کوڑا کرکٹ اٹھا کر ڈمپنگ یارڈ تک منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ شہر میں موجود 123 پرانے ڈمپنگ پوائنٹس کو بھی صاف کر کے ختم کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صفا کوئٹہ نے صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے 1829 لوکل افراد کو ملازمت پر بھرتی کیا ہے۔ اس کے علاوہ شہریوں خصوصاً طلبہ میں صفائی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے کوئٹہ کے مختلف اسکولوں اور کالجوں میں 100 سے زائد آگاہی سیشنز بھی منعقد کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صفا کوئٹہ کی جانب سے اس وقت شہر میں 28 اسکیموں میں ڈور ٹو ڈور کچرا کلیکشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ صفائی کے مؤثر انتظام کے لیے کوئٹہ شہر کو چار زونز میں تقسیم کیا گیا ہے، جہاں روزانہ صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک صفائی ستھرائی کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم بھی فعال ہے۔ حکام کے مطابق ستمبر کے دوران موصول ہونے والی 91 شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے اور شہر میں صفائی ستھرائی کی صورتحال میں مزید بہتری لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے۔ کمشنر نے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کے حوالے سے شہریوں میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے ایک ماہ پر محیط خصوصی آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت بھی کی، تاکہ شہری زیادہ سے زیادہ کمپلینٹ نمبر اور شکایات کے اندراج کے طریقہ کار سے آگاہ ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن کے لیے بلنگ کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے اور صفا کوئٹہ کے بزنس ماڈل کو بھی بتدریج ڈیجیٹلائز کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے صفائی کے نظام میں شفافیت، مؤثریت اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں مزید بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ بھی شہر میں صفائی ستھرائی کے کام کی نگرانی کریں۔

بقیہ 21

اظہار کیا۔ نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری نے میر جان محمد جمالی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر میر فاروق خان جمالی بھی موجود تھے۔

بقیہ 22

کی اطلاعات ہیں، جس سے متاثرہ لوگوں کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے پی ڈی ایم اے، کمشنر ژوب ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر ژوب سمیت تمام متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ علاقوں کا فوری سروے کرایا جائے، نقصانات کا درست تخمینہ لگایا جائے اور متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر خوراک، خیمے، ضروری اشیائے خورد و نوش اور دیگر ہنگامی امداد فراہم کی جائے۔ پارٹی نے کہا کہ قدرتی آفت کی اس مشکل گھڑی میں متاثرہ عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جا سکتا۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں شروع کریں اور جن خاندانوں کے مکانات، فصلوں اور مال مویشیوں کو نقصان پہنچا ہے، انہیں مناسب مالی و ہنگامی معاونت فراہم کی جائے۔

بقیہ 23

اجلاس میں انکشاف کیا گیا کہ بی ٹیوٹا (B-TEVTA) کے ساتھ حالیہ انضمام کے بعد اکاؤنٹنٹ جنرل آفس کی جانب سے سمال انڈسٹریز کے بلز کی ادائیگی کو روکا جا رہا ہے۔ متعلقہ حکام ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال کر معاملے کو ٹال رہے ہیں، جس کے باعث ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ شرکاء نے بتایا کہ انضمام کے نتیجے میں پیدا ہونے والی انتظامی بے یقینی کے باعث ملازمین کی تنخواہوں کی ایکٹیویشن، سروس میں تبدیلیوں (تبادلے) اور طبی الاؤنس کی ادائیگی جیسے بنیادی معاملات تعطل کا شکار ہیں۔ مزید کہا کہ محکموں کے درمیان ذمہ داری کی اس کشمکش کا خمیازہ بے قصور ملازمین کو بھگتنا پڑ رہا ہے، جو کسی طور قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں یہ نکتہ خاص طور پر اجاگر کیا گیا کہ انضمام کے نوٹیفکیشن اور بی ٹیوٹا ایکٹ 2026 میں تا حال یہ واضح نہیں کیا گیا کہ "آپریشنل کنٹرول" اور "ایڈمنسٹریٹو کنٹرول" کی حدود کیا ہیں، یعنی کون سے امور آپریشنل دائرہ کار میں آتے ہیں اور کون سے انتظامی دائرہ کار میں۔ اسی ابہام کے باعث اکاؤنٹنٹ جنرل آفس بلز اور ملازمین کے معاملات پر عمل کرنے سے گریزاں ہیں، اور یہ مبہم صورتحال بحران کو جنم دے رہا ہے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ: 1 نوٹیفکیشن اور بی ٹیوٹا ایکٹ 2026 میں آپریشنل اور ایڈمنسٹریٹو کنٹرول کی واضح اور تحریری تعریف وضع و مقرر کی جائیں تاکہ ابہام ختم ہو۔ 2 اکاؤنٹنٹ جنرل آفس فوری طور پر بلز کی ادائیگی کو یقینی بنائے تاکہ ملازمین کو مزید مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ 3 ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ایکٹیویشن اور زیر التوا طبی رہبر سمت کے کیسز فوری نمٹائے جائیں۔ 4 انضمام کے عمل کو ملازمین کے مفادات کا خیال رکھتے ہوئے شفاف اور بروقت طریقے سے مکمل کیا جائے۔ محکمہ صنعت و حرفت، محکمہ لیبر اینڈ مین پاور اور حکومت بلوچستان اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، بصورت دیگر کمیٹی اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے دیگر قانونی فورمز سے رجوع کرے گی۔ اجلاس میں شریک ارکان نے متفقہ طور پر کہا کہ سمال انڈسٹریز کے ملازمین کو کسی بھی انتظامی یا قانونی ابہام کا نشانہ نہیں بننے دیا جائے گا اور حکومت بلوچستان کو اس مسئلے کے فوری اور مستقل حل کے لیے اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

بقیہ 24

عملے کی تعیناتی اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے لوگوں کو ان کی دہلیز پر صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے غیر حاضر ڈاکٹرز اور طبی عملے کے خلاف بلاامتیاز محکمانہ کارروائی اور ہسپتالوں میں عملے کی حاضری یقینی بنانے پر بھی زور دیا اس موقع پر ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز کی تعیناتی اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ اور پیروی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 25

بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر سماعت اور زیر التوا مقدمات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے فریقین کا مؤقف سنا اور متعدد کیسز کو قانون، قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹایا۔ انہوں نے ریونیو ریکارڈ کی درستگی، شفافیت اور قانونی تقاضوں کی تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حبیب شجاع نے متعلقہ ریونیو عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلق امور میں غیر ضروری تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے اور زیر التوا مقدمات کو مقررہ قانونی طریقہ کار کے تحت جلد از جلد یکسو کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے جائز مسائل کے بروقت حل اور ریونیو معاملات میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 26

ڈی سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں موجود عملے کی حاضری اور ڈیوٹی کے اوقات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک او پی ڈی میں تمام ڈاکٹرز کی موجودگی اور ڈیوٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بروقت طبی معائنہ اور علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے پیرامیڈیکل اسٹاف کو بھی ہدایت کی کہ وہ مقررہ ڈیوٹی اوقات میں مکمل وردی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں صفائی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی، راہداریاں اور دیگر شعبہ جات کو صاف ستھرا رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں صفائی کا معیار بہتر ہونا چاہیے کیونکہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہسپتال انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صفائی کے عملے کی حاضری اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ دورے کے دوران ایم ایس ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے اسسٹنٹ کمشنر کو ٹیچنگ ہسپتال کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے ہسپتال میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سمیت دیگر انتظامی و بنیادی مسائل، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ہسپتال کی ضروریات سے آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو یقین دلایا کہ دورے کے دوران سامنے آنے والے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا جائے گا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ڈاکٹرز اور طبی عملے کی بروقت حاضری اور ہسپتال میں صفائی کے بہتر انتظامات پر خصوصی توجہ دی جائے، جبکہ تمام متعلقہ اہلکار اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔

بقیہ 27

کھا گیا سامان، کرسیاں، میزیں، دیگر اشیاء اور سڑکوں پر کھڑی گاڑیاں و موٹر سائیکلیں تحویل میں لے لی گئیں۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو موقع پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد تاجروں کو آئندہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی سختی سے ہدایت کی گئی۔ انتظامیہ نے تاجروں کو واضح کیا کہ دکانوں کا سامان ہر صورت دکانوں کی حدود کے اندر رکھا جائے اور سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر سامان رکھ کر شہریوں اور ٹریفک کی آمد و رفت میں رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کو سڑکوں پر پارک کرنے کے بجائے مقررہ پارکنگ ایریاز میں کھڑا کرنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ اس موقع پر پولیس حکام نے واضح کیا کہ تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہر میں تجاوزات کے مکمل خاتمے اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں اور گاڑی مالکان کے خلاف قانون کے مطابق مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اورالائی کے سماجی، شہری حلقوں نے انتظامیہ، پولیس اور ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے آپریشن کو جاری رکھنے کا مطالبہ بھی کیا۔

بقیہ 28

نشانہ بنانا نہ صرف قابل افسوس بلکہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ نصیر احمد کا کڑ ایک سینئر اور پیشہ ور صحافی کی حیثیت سے طویل عرصے سے صحافتی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ ان پر مبینہ تشدد کا واقعہ پوری صحافی برادری کے لیے باعث تشویش ہے۔ صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران خوف، دباؤ اور تشدد کا سامنا کرنا پڑے، تو اس سے آزادی؟ صحافت کے حوالے سے سنگین سوالات جنم لیتے ہیں۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانب دارانہ، شفاف اور مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور اگر تحقیقات میں کسی فرد یا گروہ کا ملوث ہونا ثابت ہو تو قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ صحافیوں کو دھمکانے، ہراساں کرنے یا تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظر انداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نگار پریس کلب سوراب رجسٹرڈ صحافی برادری کے ساتھ کھڑا ہے اور صحافیوں کے خلاف کسی بھی قسم کی تشدد، دھمکی، دباؤ یا غیر قانونی رویے کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ صحافی اپنے قلم اور کیمرے کے ذریعے معاشرے کے مسائل کو سامنے لاتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ اور آزادی کو یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے

بقیہ 29

کیک اینڈ کوکیز، ایل ڈورا ڈو اور دیگر بیکریوں و سویٹس شاپس کو بلوچستان پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اینڈ ایمپلائمنٹ ٹیکس ایکٹ 2026 کے تحت رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ کاروباری افراد کو پروفیشنل ٹیکس سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے قانون کے مطابق بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کی ہدایت کی گئی۔ BRA حکام نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہو گی

بقیہ 30

ی ماہی گیر نسلوں سے سمندر سے وابستہ ہیں اور ماہی گیری نہ صرف ان کا ذریعہ معاش بلکہ ساحلی معیشت کا اہم حصہ ہے۔ مقامی ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ، سمندری وسائل کی پائیداری اور فشریز سیکٹر کی ترقی کے لیے مؤثر نگرانی اور قانون پر عملدرآمد ناگزیر ہے انہوں نے فشریز حکام پر زور دیا کہ گوادر کے ساحلی علاقوں میں پیٹرولنگ اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور غیر قانونی ٹرالنگ کے خلاف قانون و ضوابط کے مطابق عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت متعلقہ حکام سے بھی رابطہ کیا گیا ہے۔ ملاقات میں ماہی گیروں کی رجسٹریشن کے عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل شفاف، میرٹ پر مبنی اور قابل تصدیق ہونا چاہیے تاکہ حقیقی اور مقامی ماہی گیروں کی درست شناخت کے ساتھ انہیں حکومتی سہولیات اور فلاحی پروگراموں تک مؤثر رسائی فراہم کی جا سکے اس موقع پر ڈی جی فشریز عتیق الرحمن نے کہا کہ محکمہ فشریز سمندری وسائل کے تحفظ، قانونی ماہی گیری کے فروغ اور ساحلی علاقوں میں نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیروں کی رجسٹریشن کے عمل میں شفافیت اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے قانون و پالیسی کے مطابق اقدامات کی یقین دہانی کرائی گئی ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ فشریز کے شعبے کی ترقی کے لیے ماہی گیروں کی فلاح و بہبود، جدید سہولیات کی فراہمی، بہتر مارکیٹ رسائی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور پائیدار ماہی گیری کے فروغ کو یکساں اہمیت دی جائے۔

بقیہ 31

کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ فیسٹیول نے طلبہ کو اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور مثبت مسابقت کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔ فیسٹیول کے بوائز فٹبال مقابلوں کا فائنل شہید بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم میں گورنمنٹ جدید ہائی اسکول گوادر اور گورنمنٹ گوتری ہائی اسکول کے درمیان کھیلا گیا، جس میں گوتری اسکول نے دلچسپ مقابلے کے بعد 3-2 سے کامیابی حاصل کر کے چیمپئن شپ اپنے نام کر لی۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ تھے، جبکہ میر ارشد گلفتی، ڈی ای او اہد حسین، ضلعی پروگرام منیجر عادل نوریزی، پرنسپل مجید کہ بی، ہیڈ ماسٹر وحید ہمدرد سمیت اساتذہ، طلبہ، والدین اور شائقین کھیل نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک، قومی ترانے اور ملی نغمے سے ہوا۔ اختتامی تقریب میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسکاؤٹس نے پریڈ پیش کی، کھلاڑیوں اور ٹیموں میں ٹرافیاں، نقد انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں۔ گوتری اسکول کے اصغر کبیر کو بہترین گول کیپر، عاصم حاصل کو بہترین کھلاڑی جبکہ جدید اسکول کے واجو شعبان کو ٹاپ اسکورر قرار دیا گیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے میر ارشد گلفتی نے فیسٹیول کی کامیابی میں تعاون کرنے والے مہمانان گرامی، محکمہ تعلیم، ڈی ای او گوادر، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ، صحافیوں، فیسٹیول کمیٹی کے اراکین، گراؤنڈ کرز اور ریفریز کا شکریہ ادا کیا۔ فیسٹیول کے انعقاد کا بنیادی مقصد طلبہ میں کھیلوں کا جذبہ اجاگر کرنا، صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینا، تعلیمی اداروں کے درمیان مثبت مسابقت کو تقویت دینا اور نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں سے جوڑنا تھا۔ شرکاء نے کہا کہ گوادر میں نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مزید مواقع پیدا کرنے اور تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 32

اسد اللہ فیض نے واضح کیا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی امیدوار کی حق تلفی نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام اعتراضات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیتے ہوئے دستیاب ریکارڈ اور قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ جعلی ڈگریوں سے متعلق شکایات پر کمشنر نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ امیدواروں کی ڈگریوں کی مکمل تصدیق متعلقہ تعلیمی اداروں سے کرانے کا حکم دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈگری جعلی ثابت ہونے کی صورت میں ملوث فرد کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کے ازالے کا مقصد بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنانا اور حقدار امیدواروں کو انصاف فراہم کرنا ہے، لہٰذا تمام معاملات میرٹ اور قانون کے مطابق نمٹائے جائیں گے۔

بقیہ 33

گزشتہ دنوں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا تھا، جہاں طالبات سے ملاقات اور تعلیمی سرگرمیوں کے جائزے کے دوران ریاضی اور فزکس کے اساتذہ کی کمی کی نشاندہی ہوئی تھی۔ اس حوالے سے محکمہ تعلیم کے متعلقہ افسران سے رابطہ کیا گیا، جنہوں نے بتایا کہ مطلوبہ ایس ایس ٹی اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق کنٹریکٹ بنیادوں پر تعیناتی کے اقدامات کیے جا رہے ہیں گزشتہ دورے کے دوران طالبات کے ساتھ گفتگو میں اسسٹنٹ کمشنر نے انہیں یقین دلایا تھا کہ وہ اپنی مصروفیات اور دستیابی کے مطابق گاہے بگاہے ان کے ساتھ تعلیمی نشستوں میں شریک ہو کر بالخصوص ریاضی اور فزکس کے مضامین میں عمومی رہنمائی فراہم کرتے رہیں گے اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان آج خصوصی طور پر ایک تعلیمی نشست کے لیے دوبارہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن پہنچے اور طالبات کے ساتھ وقت گزارا۔ طالبات نے نشست میں بھرپور دلچسپی، خوشی اور جوش و خروش کا اظہار کیا۔ گزشتہ ملاقات کے بعد طالبات کی جانب سے بھی ایسی تعلیمی نشست کے لیے خاصا اشتیاق اور اصرار سامنے آیا تھا، جس پر آج کی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ نشست کے دوران طالبات نے مختلف سوالات کیے اور تعلیمی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف تصورات کو آسان انداز میں سمجھانے کے ساتھ طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں سوال کرنے، تجسس برقرار رکھنے اور مشکل مضامین کو سمجھ کر سیکھنے کی تلقین کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ اسکول میں اساتذہ کی کمی کے مستقل حل کے لیے متعلقہ محکمہ؟ تعلیم کے ساتھ رابطہ جاری رکھا جائے گا، جبکہ وہ بھی موقع اور دستیابی کے مطابق طالبات کی تعلیمی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کے لیے ایسی نشستوں میں شریک ہوتے رہیں گے۔

بقیہ 34

اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں سے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEEF) نے ضلع بھر میں ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک کھڑا کر دیا ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مطابق یہ اقدام صوبائی سطح پر ایک حکمت عملی کے تحت شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد ان بچوں کو تعلیم دینا، داخلہ دلانا اور معاونت کرنا ہے جو باقاعدہ تعلیمی نظام سے باہر ہیں۔ یہ منصوبہ صوبہ بھر میں جدید انگلش پرائیویٹ اور کمیونٹی شراکت داری ماڈل کے ذریعے تعلیمی رسائی کو پھیلانے کے لیے بی ای ایف کے دیرینہ مشن کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اس سنہرے موقع کو علاقے میں تعلیم کے حق میں بہترین انداز میں لاگو کر کے ضلع خضدار کے لیے کل 190 نئے کمیونٹی اسکول منظور کروائے۔ یہ وہ اسکول ہیں جو ضلع کے پسماندہ ترین علاقوں میں قائم کیے گئے ہیں جہاں آج سے پہلے تعلیم کا کوئی تصور بھی نہیں تھا ان اسکولوں کے قیام سے براہ راست 10 ہزار کے لگ بھگ بچے اور بچیاں زیور علم سے منور ہو رہی ہیں جس کے مثبت اور دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ اعداد و شمار کے مطابق ضلع خضدار میں BEF کے تحت اس وقت کل اسکولوں کی تعداد 190 ہے۔ جس میں 140 نئے اسکول ہیں جبکہ 50 پرانے اسکول پہلے سے فعال تھے۔ ان اسکولوں میں اس وقت کل داخلہ 9540 ہے جس میں 5760 لڑکے اور 3780 لڑکیاں شامل ہیں۔ یہ تعداد اس بات کا ثبوت ہے کہ والدین اب اپنی بچیوں کی تعلیم میں بھی دلچسپی لے رہے ہیں۔ ان اسکولوں کو چلانے کے لیے کل 221 اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جن میں 101 مرد اساتذہ اور 120 خواتین اساتذہ شامل ہیں۔ خواتین اساتذہ کی بڑی تعداد اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مقامی سطح پر خواتین کو روزگار بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ ان 221 اساتذہ میں سے 150 اساتذہ کو باقاعدہ پروفیشنل ٹریننگ دی جا چکی ہے جبکہ 71 اساتذہ کی ٹریننگ کا عمل جاری ہے تاکہ تعلیم کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔ سہولیات کے حوالے سے بھی BEF خضدار نے قابل ذکر کام کیا ہے۔ 190 اسکولوں میں سے 160 اسکولوں میں پینے کا صاف پانی مہیا کر دیا گیا ہے جو کہ کل کا 84.2 فیصد بنتا ہے، جبکہ صرف 30 اسکول (15.8 فیصد) ایسے ہیں جہاں پانی کی سہولت پر کام جاری ہے۔ تحصیل وار تقسیم کی بات کی جائے تو سب سے زیادہ اسکول تحصیل خضدار میں 90 قائم کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد تحصیل نال میں 46، تحصیل وڈھ میں 43، تحصیل زہری میں 7 اور تحصیل کرخ میں 4 کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں۔ یوں دور دراز کے علاقے جیسے مول، کرخ اور زہری تک بھی تعلیم کی روشنی پہنچ گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور BEF حکام کا کہنا ہے کہ یہ صرف آغاز ہے۔ اگلے مرحلے میں ان اسکولوں میں فرنیچر، واش رومز اور بجلی کی سہولیات کو بھی سو فیصد کیا جائے گا۔ اس اقدام سے خضدار جیسے وسیع و عریض ضلع میں جہاں خواندگی کی شرح انتہائی کم تھی، اب ایک نئے تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔

بقیہ 35

کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر شالکوٹ پولیس نے اشتہاری ملزمان میر باز، محمد میر اور ناصر خان کو گرفتار کر کے بغیر نمبر پلیٹ کے 18 موٹر سائیکلوں کو بند کیا اسی طرح بلاک پولیس نے ملزم راز محمد سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیا۔ نوحصار پولیس نے سنیچر زجیب اللہ، جعفر خان، نقیب کو گرفتار کر کے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون، اسلحہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ اسی طرح تھانہ زرغون آباد کے عملے نے ابراہیم کے قبضے سے پسٹل بمعہ راؤنڈ اور دوسری کارروائی میں مفرور ملزم رحمت گل کو گرفتار کر لیا۔ چیکنگ کے دوران بغیر نمبر پلیٹ کی 17 موٹر سائیکلیں بند کی اور 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے۔ بروری پولیس نے خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم عارف کو سی ٹی وی کیمرہ کی فوٹیج کے ذریعے گرفتار کر لیا اور تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 36

مطابق یہ الاؤنس معمول کے کنوینس الاؤنس کے علاوہ دیا جائے گا۔ اس سہولت کے حقدار وہ سرکاری ملازمین ہوں گے جو معذور ملازمین کے کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں یا دوران ملازمت مجاز میڈیکل بورڈ کی جانب سے معذور قرار دیے گئے یا سرٹیفائیڈ ہوئے ہیں۔

بقیہ 37

ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) گوادر زراتون بلوچ کی جانب سے ضلع کے تین اہم کلسٹر ہیڈ اسکولز کا تفصیلی آڈٹ کیا گیا، جس کا مقصد بجٹ کے استعمال، فراہم کردہ سامان کے ریسونگ سرٹیفکیٹس، بلز واؤچرز، اسٹاک رجسٹرز اور فیڈنگ اسکولز کے متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لینا تھا۔ آڈٹ کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول بخشی کالونی، گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ملابند کے بجٹ و انتظامی ریکارڈ کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ تینوں اسکولوں میں مجموعی طور پر بجٹ کے استعمال اور متعلقہ ریکارڈ کو تسلی بخش قرار دیا گیا جبکہ ضروری دستاویزات اور ثبوت بھی محفوظ پائے گئے۔ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر کا ریکارڈ خصوصی طور پر منظم، شفاف اور سسٹیمیٹک انداز میں مرتب پایا گیا۔ فیڈنگ اسکولز سے متعلق ریکارڈ بھی مکمل اور بہترین طریقے سے محفوظ کیا گیا تھا۔ آڈٹ رپورٹ میں کلسٹر ہیڈ میڈم رشیدہ اور ان کی معاون علی شاہ کی محنت، ذمہ داری اور ریکارڈ کی مؤثر دیکھ بھال کو سراہا گیا اور سفارش کی گئی کہ دیگر کلسٹر ہیڈز بھی اس اسکول کے بہترین انتظامی ماڈل سے استفادہ کریں۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ملابند کا مالی اور انتظامی ریکارڈ بھی درست اور تسلی بخش پایا گیا، تاہم آڈٹ کے دوران اسکول کی عمارت کی خستہ حال اور غیر محفوظ صورتحال کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کی فوری مرمت و بحالی کے لیے ضروری اقدامات کی سفارش کی گئی، تاکہ طالبات کو محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے اور تدریسی عمل متاثر نہ ہو۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق تینوں کلسٹر ہیڈ اسکولز میں بجٹ کا استعمال شفاف طریقے سے کیا گیا جبکہ تمام متعلقہ ریکارڈ اور ثبوت محفوظ ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مطابق ایسے آڈٹس کا مقصد نہ صرف سرکاری فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانا ہے بلکہ تعلیمی اداروں میں مالی نظم و نسق، جوابدہی اور انتظامی معیار کو مزید بہتر بنانا بھی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی پالیسی کے تحت صوبے میں تعلیمی اداروں کے معیار، شفاف مالیاتی نظام اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ ضلع گوادر میں بھی اس سلسلے میں نگرانی اور اصلاحی اقدامات کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 38

نادر بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگ شے آصف غنی، پروجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ایجوکیشن آفیسر تحصیل زرخاتون، اسکول ایڈمنسٹریس اور دیگر متعلقہ افسران اور شخصیات موجود تھیں۔ افتتاح کے بعد ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن اور ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے اسکول اور کھیلوں کے میدانوں کے احاطے میں شجرکاری بھی کی۔ اس موقع پر انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں جی ڈی اے کی جانب سے فراہم کی جانے والی تعلیمی و بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ جی ڈی اے کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں طلبہ و طالبات کے لیے تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے تعمیر، توسیع، تزئین و آرائش اور دیگر ضروری کام مکمل کیے گئے ہیں۔ منصوبے کے مختلف کمپونٹس میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر، چھت ٹائلنگ، چار دیواری، دو مین گیٹ، امتحانی ہال، آڈیٹوریم، کیفے ٹیریا، واٹر ٹینک، شیڈز، پلے ایریا، بجلی کے ٹرانسفارمر، فرنیچر، کلاس رومز سمیت اولڈ اسٹرکچر کی بحالی سمیت دیگر ضروری سہولیات شامل ہیں۔

خصوصی کنوینس الاونس کی شرح 4ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 10ہزار روپے ماہانہ کر دی گئی ہے، محکمہ خزانہ بلوچستان

حکومت بلوچستان نے معذور سرکاری ملازمین کیلئے خصوصی کنوینس الاونس میں اضافہ کر دیا

جو معذور ملازمین کے کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں یا دوران ملازمت مجاز میڈیکل بورڈ کی جانب سے معذور قرار دیے گئے یا ریٹائرڈ ہوئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے معذور سرکاری ملازمین کے لیے خصوصی کنوینس الاونس (Special Conveyance Allowance) میں اضافہ کر دیا۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق خصوصی کنوینس الاونس کی شرح 4ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 10ہزار روپے ماہانہ کر دی گئی ہے۔ نئی شرح یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ایک جدید اور اعلیٰ تعلیمی ادارے کا شکل اختیار کر گیا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

کاموں کی بدولت گرلز ہائی سکول کے انفراسٹرکچر اب کوئی عام سرکاری اسکول نہیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمن اور ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاح کیے گئے منصوبوں میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر کی تعمیر و توسیع و تزئین و آرائش کے مختلف کاموں کے علاوہ کیپٹن یعقوب راہی والی بال گراؤنڈ اور عبداللہ عاصم فٹسال گراؤنڈ شامل ہیں۔ افتتاح کے موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز و کنٹرولر بلڈنگ جی ڈی اے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

گوادر میں کلسٹر ہیڈ اسکولز کے بجٹ سال 2025-26 کے استعمال کا تفصیلی آڈٹ مکمل کر لیا گیا

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیم کے فروغ، شفافیت اور سرکاری وسائل کے موثر استعمال کی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں کلسٹر ہیڈ اسکولز کے بجٹ سال 2025-26 کے استعمال کا تفصیلی آڈٹ مکمل کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان کی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

پاکستان کی 62 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، مینا مجید بلوچ

امکانات کو اجاگر کرنا اور ان کی آواز کو عالمی پارلیمانی گفتگو کا حصہ بنانا، بلوچستان کیلئے یقیناً ایک قابل فخر لمحہ ہے

69ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی

کوئٹہ (خ ن) 69ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی۔ نوجوانوں کے مسائل، مواقع اور مستقبل پر اظہار خیال، فیصلہ سازی اور پالیسی سازی میں موثر شمولیت پر زور بلوچستان اور پاکستان کے لیے یہ یقیناً فخر اور اعزاز کی بات ہے کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی نڈر اور نوجوان ایم پی اے رہنما نے جنوبی (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے پاکستان میں امریکہ کی ناظم الامور نتالی بیکر سے ملاقات کر رہی ہیں

دہشتگردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے

بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائیگا، ظہور بلیدی

سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی صوبے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے آواران میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جا (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت اجلاس

گرم ترین شہر میں لوڈشیڈنگ سے کاروباری زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے

خضدار (خ ن) شہر میں جاری بجلی کی لوڈشیڈنگ اور عوامی شکایات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت ایک اہم مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار اور کیسکو حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد بجلی کے اوقات کار کو بہتر بنانا، لوڈشیڈنگ میں کمی لانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا تھا۔ اجلاس میں کیسکو خضدار کے ایگزیکٹو انجینئر عبدالقیوم بنگلزئی، ایس ڈی او کیسکو عبدالرؤف سومرو جبکہ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین بشیر احمد بنگ، عبدالحمید بلوچ، مولانا محمد اسحاق شاہوانی، حافظ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع، کلی سرخ کے مکینوں کا وائس چیئرمین سے اظہار تشکر

سوراب (آن لائن) سوراب سے ڈن کراس جانے والی اہم شاہراہ کے تعمیراتی کام ایک بار پھر شروع کر دیے گئے ہیں، جس پر کلی سرخ کے علاقہ مکینوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوئٹہ پولیس کی سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی، 10 ملزمان گرفتار

اسلحہ، چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد، بغیر نمبر پلیٹ کے 35 موٹر سائیکلیں بند، 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے

ملزم عارف کو سی سی ٹی وی کیمرے کی فوٹیج کے ذریعے گرفتار کر لیا اور تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس کی جانب سے اشتہاری، راہزنی، ڈکیتی، مفرور اور خواتین کو ہراساں کرنے سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد کر لیا جبکہ بغیر نمبر پلیٹ کے 35 موٹر سائیکلیں بند کیں اور 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر قلات عائشہ زہری کا محکمہ جنگلات کے نرسری کا دورہ

درخت ہماری آنے والی نسلوں کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں، بات چیت

سرسبز و شاداب قلات ہی ہماری آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ جنگلات کے نرسری کا دورہ کیا اس موقع پر ڈویژنل فاریسٹ آفیسر DFO علی اکبر بنگلزئی انکے ہمراہ تھے ڈویژنل ڈائریکٹر نے ڈپٹی کمشنر کو نرسری کا دورہ کرایا اور نرسری میں لگائے گئے مختلف قسم کے درختوں کوئٹہ پائن۔ مورپنکی۔ ایش۔ سنجد۔ چینیلی اسمانی۔ توت۔ جونیپر اور دیگر پودوں سے متعلق (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

اے سی صدر کی ایس پی ٹریفک کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف کارروائی

سڑک کے متاثرہ حصوں کو کلیئر کر کے عوام اور ٹریفک کی آمدورفت بحال کر دی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے ایس پی ٹریفک کے ہمراہ مین نواں کلی روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑک پر ٹریفک (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

بازار میں قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف باقاعدہ کارروائی کا آغاز

مکمل طور پر قانون اور ضابطے کے مطابق اور بلا امتیاز کی جائے، ڈی سی لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ نے شہر اور گردونواح میں سرکاری اراضی، اریگیشن نالے اور بازار میں قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف باقاعدہ کارروائی کا آغاز کر دیا اس سلسلے میں نائب تحصیلدار محمد عظیم کی سربراہی میں متعلقہ عملے نے مختلف علاقوں کا معائنہ کرتے ہوئے اریگیشن نالے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے پولیو کا اجلاس

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے پولیو کا اجلاس منعقد ہوا، جس (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو مرزا اعزاز بیگ سے صوبائی وزیر محمد خان لہڑی اور صوبائی مشیر عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبریٰ یسین کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات ادا کروا دیے گئے

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار کبریٰ یسین نے بتایا کہ انہوں نے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو کئی بار درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

حب وندر پولیس کا ڈاکوؤں کے مبینہ گروہ کے خلاف آپریشن ایک ملزم ہلاک، دو گرفتار

سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی

کوئٹہ (آن لائن) حب پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان و سندھ پولیس کو درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا جبکہ اس کے 2 ساتھیوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے خفیہ اطلاع پر سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی تو ملزمان (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کسی بھی مذہب اور مسلک کے مقدسات پر حملہ نہ صرف قابل مذمت اور قابل گرفت ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں مختلف ممالک اور گروہوں کی اجارہ داری کیلئے جاری رسہ کشی کے خطے اور ہمسایہ ممالک پر ضرر رساں اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

یونیورسٹی آف گوادر کے شعبہ زوالوجی کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس

نصاب میں اصلاحات کا جائزہ انڈرگریجویٹ سطح پر مصنوعی ذہانت کا کورس متعارف کرانے کی تجویز

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر کے شعبہ زوالوجی کے بورڈ آف اسٹڈیز (BoS) کا دوسرا اجلاس آج پی سی ٹی اینڈ وی آئی کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے ڈین، ڈاکٹر محب اللہ نے کی، جنہوں نے اجلاس کی کارروائی کی نگرانی کرتے ہوئے شعبے کی علمی و تعلیمی ترقی سے متعلق امور پر ہونے والی گفتگو کی رہنمائی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی زیر صدارت اجلاس

تمام معاملات میرٹ اور قانون کے مطابق نمٹائے جائیں گے

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی زیر صدارت کمپلینٹ ریڈریسل کمیٹی (CRC) کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلیم فیز فور کے تحت اساتذہ کی حالیہ تعیناتیوں پر مرد امیدواروں کی جانب سے دائر اعتراضات و شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر تعلیم بلال خان بزنجو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ امیدواروں کے اعتراضات سنے گئے اور متعلقہ ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

میر گلفتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول گوادر 2026 شاندار اور پرجوش اختتام پذیر ہو گیا

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی کھیلوں کے فروغ، نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے اور تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے کلچر کو پروان چڑھانے کی پالیسی کے تحت منعقدہ میر گلفتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول گوادر 2026 شاندار اور پرجوش اختتام پذیر ہو گیا 7 ستمبر سے جاری فیسٹیول میں گوادر کے مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی، جبکہ میراتھن، رسہ کشی، کرکٹ اور فٹبال سمیت مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

اسسٹنٹ کمشنر گوادر کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ کے اقدامات کے تحت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

(BEEF) نے ضلع بھر میں ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک کھڑا کر دیا ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (خ ن) بلوچستان کے ضلع خضدار میں ناخواندگی کے خاتمے اور اسکولوں سے باہر بچوں کو تعلیم کے دھارے میں لانے کے لیے گزشتہ ایک سال کے دوران انقلابی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس

انتظامی ڈھانچے، ہیومن ریسورس، مالیاتی امور اور بجٹ کی صورتحال کا جائزہ

تنصیب سے متعلق پی سی ون صوبائی حکومت کو منظوری کے لیے پیش کیا جا چکا ہے

کوئٹہ/گوادر (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے انتظامی، مالیاتی اور ترقیاتی امور سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ بلوچستان زاہد سلیم سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو گوادر میں جاری اور مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری تعمیر و ترقی، شہر (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی مدد جتک، حاجی نور محمد رخشانی اور صدام خان اچکزئی اپنے حلقے پی بی 45 دورے کے موقع پر علاقہ معتبرین سے خطاب کر رہے ہیں

سمندری وسائل کی پائیداری اور فشریز صنعت کی ترقی کے لیے موثر نگرانی اور قانون پر عملدرآمد ناگزیر ہے

رجسٹریشن کا عمل شفاف، میرٹ پر مبنی اور قابل تصدیق ہونا چاہیے، مولانا ہدایت الرحمن

جدید سہولیات کی فراہمی، بہتر مارکیٹ رسائی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور پائیدار ماہی گیری کے فروغ کو یکساں اہمیت دی جائے

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق الرحمن سے ان کے دفتر گوادر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے ساحلی علاقوں میں غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام، مقامی ماہی گیروں کے روزگار کا تحفظ، ماہی گیروں کی شفاف رجسٹریشن اور فشریز کے شعبے کی پائیدار ترقی و فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ گوادر کے مقا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم کا بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ٹائی جان، (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس ہو رہا ہے

بچوں اور بڑوں کے ماہر امراض ڈاکٹر سہیل یوسف ملک کی گھر سے گولی لگی لاش برآمد

اوستہ محمد (آن لائن) بچوں اور بڑوں کے ماہر امراض ڈاکٹر سہیل یوسف ملک کی گھر سے گولی لگی لاش برآمد واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر ضروری کارروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا اور واقع کی تحقیقات شروع کر دی پولیس نے واقعے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

تحصیلدار اورماڑہ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی بازار کا دورہ

عوام کو غیر معیاری اشیاء کی فراہمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

گوادر/اورماڑہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نے اورماڑہ بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

لورالائی میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

متعدد دکانداروں کو جرمانے، سامان و گاڑیاں تحویل میں لے لی گئیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حسیب شجاع اور ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی، عوامی گزرگاہوں کی بحالی اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی کی گئی۔ آپریشن ایس ڈی پی او لورالائی غلام اکبر کی نگرانی میں ٹریفک سارجنٹ عبدالجبار اتمانخیل نے ٹریفک پولیس، پولیس اور میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ کیا۔ کارروائی کے دوران بھاگی بازار، کباڑی بازار، ژوب روڈ اور اڈہ سمیت مختلف اہم شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں دکانوں کے باہر غیر قانونی طور پر (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر لورالائی، ریونیو کورٹ ڈے، مختلف اراضی و ریونیو مقدمات کی سماعت

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حسیب شجاع کی زیر صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس میں اراضی، انتقالات، ریکارڈ اور دیگر ریونیو امور سے متعلق مختلف مقدمات اور درخواستوں کی سماعت کی گئی۔ اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران اور اہلکا (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی کا ٹیچنگ ہسپتال تربت کا اچانک دورہ

موجود عملے کی حاضری اور ڈیوٹی کے اوقات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کا اچانک دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محسن منیر بلیدی اور ویکسینیشن کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبداللطیف بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ایمرجنسی وارڈ، او پی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد قابلِ مذمت

صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے: ترجمان نگار پریس کلب سوراب

کوئٹہ (آن لائن) نگار پریس کلب سوراب رجسٹرڈ کے ترجمان نے کوئٹہ کے سینئر صحافی اور یونیورسل نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے صحافتی آزادی، آزادیٔ اظہار رائے اور صحافی برادری کے بنیادی حقوق پر سنگین حملہ قرار دیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ، کان اور آواز ہوتے ہیں، جو عوامی مسائل، ناانصافیوں، بدعنوانی اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کر کے ذمہ دار اداروں اور حکام تک عوام کی آواز پہنچاتے ہیں۔ ایسے میں کسی صحافی کو مبینہ طور پر تشدد، دھمکی یا دباؤ کا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

مولانا ہدایت الرحمان کا پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ سے ملاقات کی اور ضلع گوادر میں غیر فعال ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز کی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن بین الاقوامی صحافی تنظیم ہے، حنیف جمالی

صحافیوں کیلئے معاوضے اور ان کی بیٹیوں کے جہیز فنڈ اور فلاح و بہبود کے اقدامات کرینگے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر محمد حنیف جمالی نے کہا ہے کہ تنظیم بلوچستان کے فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے صحافیوں کے لئے معاوضے اور ان کی بیٹیوں کے جہیز فنڈ اور فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کرے گی تنظیم کی بنیاد 2012ء میں رکھی گئی اور اس وقت ملک بھر میں 123 سیکرٹریٹ اور 124 اضلاع اور 244 تحصیل سطح پر تنظیم موجود ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پر (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی، امن اور حرمت پوری دنیا کے مسلمانوں کیلئے انتہائی مقدس اور ناقابل سمجھوتہ معاملہ ہے

حوثیوں کی حرمین پر حملہ اسلام کے مرکز اور دین پر حملہ ہے، سنی علماء کونسل

حکومت حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے اپنا کردار ادا کرے تاکہ آئندہ اس طرح کا گھناؤنا اقدام اٹھانے کی کسی کو جرات نہ ہو سکے

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے حوثیوں کی حرمین پر حملہ اسلام کے مرکز اور دین پر حملہ قرار دیتے ہوئے اس شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عوام اہلسنت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جمعہ کو یوم احتجاج کے طور پر منائیں اس حوالے سے خطباء عوام کو آگاہی و شعور فراہم کریں۔ اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا کہ عوام اور اہلسنت کے کارکن تیا (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

تمبو ایریا میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے اس سے قبل کوئی واٹر سپلائی اسکیم موجود نہیں تھی، ترجمان پی ایچ ای

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے تمبو ایریا میں قلت آب کے مسئلے پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ترجمان نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ علاقے میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے اس سے قبل کوئی واٹر سپلائی اسکیم موجود نہیں تھی۔ ترجمان کے مطابق عوام کو درپیش مشکلات اور پانی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے BSDI فیز 4 میں تمبو ایریا کے لیے واٹر سپلائی اسکیمیں شامل کر لی گئی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

کمشنر لسبیلہ کا انڈسٹریل زون میں واقع ورکرز ویلفیئر اسکول کا دورہ

ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2012 کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، سائرہ عطاء

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے انڈسٹریل زون میں واقع ورکرز ویلفیئر اسکول کا دورہ کیا اور اسکول کی تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لیا طلباء اور ٹیچرز سے ملاقات . کی اسکول کے مسائل سے آگہی حاصل کی دورے کے موقع پر اسکول اساتذہ اور طلباء کی جانب سے صنعتی آلودگی سے تدریسی سرگرمیاں متاثر ہونے کی شکایت سامنے آئے کمشنر لسبیلہ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

نال، گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کا راج، محکمہ صحت خاموش تماشائی

نال (آن لائن) نال اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کی مبینہ سرگرمیوں میں اضافہ، انسانی جانوں سے کھیلنے کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف علاقوں میں غیر مستند افراد کی جانب سے علاج معالجے کا سلسلہ جاری ہونے کے باوجود محکمہ صحت کے ذمہ داران کی جانب سے موثر نگرانی اور کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ عطائی افراد کے ہاتھوں غلط تشخیص اور غیر مناسب علاج (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی و خادم واشک حاجی میر زاہد علی ریکی کلی علیان اور مدینہ کالونی واشک میں تین کروڑ کی لاگت سے حفاظتی بند کے منصوبے پر کام مکمل ہونے پر معائنہ کر رہے ہیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

شہر میں 28 اسکیموں میں ڈور ٹو ڈور کچرا کلیکشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے

ستمبر کے دوران موصول ہونے والی 91 شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت سولڈ ویسٹ مینجمنٹ اور شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی صفائی، کچرے کو ٹھکانے لگانے، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈرینج کی صفائی اور شہری شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ، سی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

میر اسرار اللہ زہری کی میر جان محمد جمالی سے ملاقات اور ان کی خیریت دریافت کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ سابق سینیٹر و وفاقی وزیر نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری نے جمالی ہاؤس کراچی میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد جمالی سے ملاقات کر کے ان کی عیادت کی خیریت دریافت کی اور صحت و سلامتی کے لیے نیک خواہشات کا (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

شدید بارش اور ژالہ باری کے نتیجے میں سینکڑوں خاندان متاثر ہوئے ہیں، پشتونخوا میپ ژوب

سگوئی میں شدید ژالہ باری اور طوفانی بارش کے باعث بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع ژوب کے ضلعی بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ رات ژوب کے علاقے سگوئی میں شدید ژالہ باری اور طوفانی بارش کے باعث بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں۔ شدید بارش اور ژالہ باری کے نتیجے میں سینکڑوں خاندان متاثر ہوئے ہیں، جبکہ متعدد مکانات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ متاثرہ خاندان گزشتہ رات سے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اور کئی خاندان بے گھر ہو چکے ہیں۔ طوفانی بارش اور ژالہ باری سے کھڑی فصلوں، باغات اور مال مویشیوں کو بھی بھاری نقصان پہنچنے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

سال انڈسٹریز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا اجلاس ملازمین کے مسائل پر شدید تشویش کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سال انڈسٹریز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس چیئرمین خالد یوسف کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں نائب چیئرمین امان اللہ اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ اجلاس میں محکمہ سال انڈسٹریز کے ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ/گوادر۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان جی ڈی اے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com